Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 15
ہفتہ 01 مارچ 2025 / 30 شعبان المعظم 1446ھ۔ قیمت 10روپے
شمارہ 310

پنجاب حکومت کو ایک سال مکمل، مریم نواز حکومت کا ایک بھی منصوبہ ادھورا نہیں ہے، کوئی بھی منصوبہ ایسا نہیں کہ کہا جا رہا ہو شروع کریں گے

مریم نواز حکومت کا ایک بھی منصوبہ ادھورا نہیں، پنجاب حکومت کی کارکردگی کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہو رہی، عظمیٰ بخاری

ایک پارٹی کو پنجاب حکومت کی کارکردگی سے بہت مسئلہ ہو رہا ہے، عثمان بزدار کو اپنا تعارف کرانے کیلئے شہباز شریف کے نام کی ضرورت پڑتی تھی

پی ٹی آئی والے اپنے دور میں مریم نواز کو والد کے سامنے گرفتار کرنے میں مصروف تھے، پنکی اور گوگی کا رشوت کا بازار گرم تھا' عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی کارکردگی کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہو رہی۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت کو ایک سال مکمل ہوا، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی حکومت کا ایک بھی منصوبہ ادھورا نہیں ہے، کوئی بھی منصوبہ ایسا نہیں کہ کہا جا رہا ہو شروع کریں گے، ہر منصوبے کا بتانے کیلئے دروازے پر دستک نہیں دی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ ایک پارٹی کو پنجاب حکومت کی کارکردگی سے بہت مسئلہ ہو رہا ہے، عثمان بزدار کو اپنا (بقیہ نمبر43)

ORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS
وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ہنگری کے صدر، جناب تماش شُلیوک، قومی اسمبلی کے اسپیکر، سردار ایاز صادق کا شاندور پیلس، بوداپیسٹ، ہنگری میں خیر مقدم کر رہے ہیں۔

زرداری لاہور پہنچ گئے، نواز شریف، مریم نواز سے ملاقات متوقع

صدر مملکت آصف علی زرداری کی مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ملاقات متوقع ہے

ملاقات میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر بھی موجود ہونگے' پنجاب میں پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کیلئے اہم فیصلے کئے جائینگے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صدر پاکستان آصف علی زرداری اسلام آباد سے دوبارہ لاہور پہنچ گئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری صرف ایک روز اسلام آباد قیام کے بعد واپس لاہور پہنچے، آصف زرداری کا گزشتہ دورہ لاہور پانچ روز پر محیط تھا، صدر مملکت آصف علی زرداری کی مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ملاقات متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق آ (بقیہ نمبر 7)

مریم نواز کا پنجاب میں جدید ترین آٹو میٹڈ ریپڈ ٹرانسپورٹ سسٹم لانے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت ٹرانسپورٹ سے متعلق خصوصی ویڈیو لنک اجلاس ہوا، صوبے بھر میں نئے جدید ٹرانسپورٹ سسٹم کا جائزہ لیا گیا

عام بس کی نسبت اے آر ٹی کیلئے روڈ پر کم جگہ درکار ہوگی' اے آر ٹی 3 کوچز پر مشتمل بس میں 300 سے زائد مسافروں کی گنجائش ہوگی

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب میں 5 سالہ ٹرانسپورٹ پلان کی منظوری دیدی۔ وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت ٹرانسپورٹ سے متعلق خصوصی ویڈیو لنک اجلاس ہوا، صوبے بھر میں نئے جدید ٹرانسپورٹ سسٹم کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب بھر میں جدید ترین آٹو میٹڈ ریپڈ ٹرانسپورٹ سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے اے آر ٹی کے فوری ٹرائل رن کا حکم دیدیا۔ وزیر اعلیٰ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ آٹو میٹڈ ریپڈ ٹرانسپورٹ سسٹم ملائیشیا، ابوظہبی اور قطر سمیت دنیا بھر میں ماس ٹرانزٹ کا کامیاب سسٹم ہے۔ عام بس کی نسبت اے آر ٹی کیلئے روڈ پر کم جگہ درکار ہوگی۔ اے آر ٹی 3 کوچز پر مشتمل بس میں 300 سے زائد مسافروں کی گنجائش ہوگی۔ اے آر ٹی سمارٹ سٹیشن پر بس (بقیہ نمبر13)

کم عمر قیدی ملزمان کی تفصیلات کیلئے درخواست پر جواب طلب

جوینائل ایکٹ کی دفعہ 10 پر عملدرآمد نہیں ہو رہا، پنجاب میں نابالغ قیدیوں کے ٹرائل تاخیر کا شکار ہیں' وکیل درخواست گزار

نابالغ قیدیوں کے زیر التوا کیسز کی تفصیلات معلوم نہیں، سیشن ججز جوینائل جسٹس سسٹم کی ہر ماہ میٹنگ کے پابند ہیں

لاہور (این ای این) لاہور ہائیکورٹ نے صوبہ بھر کی جیلوں میں قید کم عمر ملزمان کی تفصیلات کیلئے دائر درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر فریقین سے 29 اپریل کو جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے خدیجہ وزیر کی درخواست پر (بقیہ نمبر 26)

کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کرنیوالے نیشنل کالج آف آرٹس کے طلبہ کا چیئر پرسن اعجاز الرحمٰن و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرویز خٹک کو وزیر اعظم کا مشیر کیوں بنایا؟، اختیار ولی ناراض

پشاور (انٹر نیوز) مسلم لیگ (ن) کے رہنماء اختیار ولی نے پرویز خٹک کو وزیر اعظم کا مشیر بنائے جانے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے عہدوں کی ضرورت ہے نہ کوئی وزارت چاہیے، خیبر پختونخوا میں پارٹی کہاں کھڑی ہے، قیادت کو دیکھنا ہوگا، مفاہمت و مصلحت میں اپنی شناخت نہیں کھونی چاہیے۔ سوشل میڈیا پر مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماء اختیار ولی نے سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک کو (بقیہ نمبر50)

JUBILEE
bacp
کرغستان کے سفیر کو ماس ریسلنگ چیمپئن شپ کے موقع پر سووینئر پیش کیا جا رہا ہے

رمضان المبارک' سوئی نادرن کا گیس فراہمی کا اعلان

سوئی ناردرن کا سحر' افطار' دوپہر کے کھانے کے اوقات میں بلاتعطل گیس فراہمی کا عزم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس نے صارفین کو سحر، افطار اور دوپہر کے کھانے کی تیاری کے دوران بلاتعطل اور پریشر کے ساتھ گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پیشگی اقدامات کیے ہیں۔ کمپنی اپنے نیٹ ورک میں مستحکم گیس فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ صارفین کو بھی کسی رکاوٹ کے بغیر منا (بقیہ نمبر 5)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان پیرودھائی یوسی 07 میں ڈینگی آگاہی مہم کا جائزہ لے رہی ہیں

شازیہ رضوان کا پیرودھائی یوسی 07 کا دورہ، ڈینگی آگاہی مہم کا جائزہ

گورنمنٹ گرلز سکول میں آگاہی سیشن، صفائی کے ناقص انتظامات پر سخت برہمی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) منسٹر حنیف عباسی اور ایم این اے طاہرہ اورنگزیب کی ہدایت پر پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان نے انسداد ڈینگی آگاہی مہم کے حوالے سے پیرودھائی یوسی 07 اعوان کالونی کا دورہ کیا۔ یوسی 04 کے چیئرمین اور سیکرٹری نے ان کا استقبال کیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر شازیہ رضوان نے یوسی کا ریکارڈ چیک کیا اور اندراج کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت جاری کی۔ شازیہ رضوان نے گورنمنٹ گرلز دارالاسلام سکول اعوان کالونی کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے طالبات کو ڈینگی سے بچاؤ کے لیے ضروری تدابیر سے آگاہ کیا اور پمفلٹ تقسیم کیے۔ بعد ازاں، انہوں نے علاقے کی گلیوں کا معائنہ کیا اور صفائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر1)

اے این ایف کی 7 کارروائیاں، 52 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (انٹر نیوز) اے این ایف نے منشیات سمگلنگ کیخلاف 7 کارروائیوں میں ایک کروڑ 97 لاکھ سے زائد مالیت کی 52.111 کلوگرام منشیات برآمد کرکے (بقیہ نمبر54)

وزیر تعلیم پنجاب انرولمنٹ مہم کے افتتاح پر اپنے بیٹے کی انرولمنٹ کر رہے ہیں

اسرائیلی فوج کا حماس کیخلاف مکمل ناکامی کا اعتراف

اسرائیل فوج کی جانب سے کی گئی تحقیق کے نتائج جاری کر دیے گئے ہیں

تل ابیب (آئی آئی پی) اسرائیل کی فوج نے اپنی ایک تحقیق میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اور اس حوالے سے غلط اندازے لگائے گئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی اے پی کی رپورٹ کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اسرائیل فوج کی جانب سے کی گئی تحقیق کے نتائج جاری کر دیے گئے ہیں، جس (بقیہ نمبر 44)

وزیر اعظم کا مولانا حامد الحق کی شہادت پر اظہار افسوس

دہشت گردوں کی بزدلانہ و مذموم کارروائیاں حوصلہ پست نہیں کرسکتیں، شہباز شریف

اسلام آباد (انٹر نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خود کش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مولانا حامد الحق حقانی کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ و مذموم کارروائیاں دہشتگردی کیخلاف ہمارے عزم کو پست نہیں کرسکتیں، ہم ملک (بقیہ نمبر45)

جی ایچ کیو حملہ' شیخ کی درخواست بریت' نوٹس جاری

اسلام آباد (انٹر نیوز) سپریم کورٹ نے جی ایچ کیو حملہ کیس میں شیخ رشید کی بریت اپیل پر پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کر دیا۔ جمعہ کو سپریم کورٹ میں چیف جسٹس (بقیہ نمبر 48)

انڈونیشیا میں ہم جنس پرستی پر 2 افراد کو سر عام کوڑوں کی سزا

جکارتہ (آئی آئی پی) انڈونیشیا کے صوبے آچے 2 افراد کو ہم جنسی تعلقات کا مجرم قرار دیتے ہوئے سر عام کوڑے مارے گئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق کوڑے مارنے کا عمل صوبائی دارالحکومت بندہ آچے کے ایک پارک میں شروع ہوا، جہاں ایک مرد کو (بقیہ نمبر49)

محکمہ داخلہ پنجاب کا صوبے بھر کی جیلوں کو سولر انرجی سسٹم پر منتقل کرنے کا فیصلہ

محکمہ داخلہ پنجاب نے پلان مریم نواز کی منظوری کیلئے پیش کر دیا' نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کی مدد سے جیلوں کا ابتدائی سروے بھی مکمل

43 جیلوں میں بجلی' گیس کا سالانہ بل ساڑھے 4 ارب' تمام جیلوں کی مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقلی کی کل لاگت ایک سال کے بلوں سے بھی کم

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پنجاب نے صوبے بھر کی 43 جیلوں کو سولر انرجی پر منتقل کرنیکا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے حتمی پلان وزیر اعلیٰ مریم نواز کی منظوری کے لئے پیش کر دیا، اس حوالے سے نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کی مدد سے تمام جیلوں کا ابتدائی سروے بھی مکمل کر لیا گیا۔ سروے کے دوران جیلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے لاگت کا تخمینہ بھی لگایا گیا جس کے مطابق (بقیہ نمبر9)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے نئے شامل ہونے والے ارکان کے ساتھ ناشتہ کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

قومی اسمبلی کے ایک ممبر پر سال بھر میں کتنا خرچہ آیا؟

فی ممبر قومی اسمبلی پر سال میں 37.9 ملین روپے کا خرچہ آیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیولپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (پلڈاٹ) نے 16ویں قومی اسمبلی کی سالانہ جائزہ رپورٹ جاری کر دی۔ پلڈاٹ رپورٹ کے مطابق ایک سال میں بحث کم اور تیز ترین قانون سازی ہوئی لیکن قانون سازی میں تیز رفتاری کے باعث ترامیم کی جانچ پڑتال میں کمی رہی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہی کہ قومی اسمبلی کی قانون سازی میں 370 فیصد اضافہ دیکھا گیا، متعدد قوانین بغیر بحث کے (بقیہ نمبر 3)

موسمی حالات' سوست ڈرائی پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں بلاتعطل جاری

راولپنڈی (انٹر نیوز) درہ خنجراب کو سال بھر تجارتی سرگرمیوں کیلئے کھلا رکھنے کیلئے نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن (این ایل سی) سخت ترین موسمی حالات میں بھی سرحد پار تجارت کو یقینی بنا رہا ہے۔ شدید برف باری اور انتہائی کم درجہ حرارت کی وجہ سے (بقیہ نمبر 52)

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت فیصل آباد ریجن کی کرائم میٹنگ

فیصل آباد میں نئے تعینات ہونے والے آر پی او اور سی پی او کرائم کنٹرول کے لئے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں

رمضان المبارک کے دوران مساجد، عبادت گاہوں، مارکیٹوں اور شہریوں کی سکیورٹی یقینی بنائی جائے' ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (این ای این) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجن کی کرائم میٹنگ ہوئی۔ آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر، سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر، متعلقہ اضلاع کے ڈی پی اوز کی بذریعہ ویڈیو لنک (بقیہ نمبر29)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ اینڈ سائنسز میں ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ڈاکٹر اصغر مسعودی سے ملاقات کر رہے ہیں

عبادت گاہ میں معصوم لوگوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا غیر انسانی فعل

پشاور (آئی آئی پی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اور متعلقہ حکام سے افسوسناک واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر مکمل رپورٹ پیش کی جائے، وزیر اعلیٰ نے واقعہ میں زخمی ہونیوالے افراد کو بروقت ریسکیو کرنے اور انہیں بہترین طبی سہولیات فراہم (بقیہ نمبر46)

وین اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم، ایک خاتون جاں بحق، 9 افراد زخمی

شیخوپورہ (آئی آئی پی) وین اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق اور 9 افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعات کے مطابق فیصل آباد روڈ پر اکبر مل کے قریب فیروز وٹواں میں حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں (بقیہ نمبر47)

ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز
محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر
حکومتِ پنجاب
مریم نواز ہیلتھ کلینک
فیز 1 کے بعد فیز 2 کا آغاز
سنٹرل انڈکشن پالیسی کے نمبر حاصل کریں
نوجوان ڈاکٹرز کے لئے عوامی خدمت کا شاندار موقع
• اب خود چلائیے اپنا قریبی مریم نواز ہیلتھ کلینک
اپلائی کرنے کی آخری تاریخ 28 مارچ 2025
مزید معلومات اور اپلائی کرنے کیلئے نیچے دیے گئے لنک پر کلک کریں
www.mnhc.pshealthpunjab.gov.pk/
مزید معلومات کیلئے 1033 پر کال کریں
@PSHDepartment | @pshd.gop | @P&SHealthcareDept | @PSHDept
SPL-398

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک ازبک معاہدے

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ ازبکستان میں ان کے پرتپاک استقبال، صدر شوکت مرزا یوف سے دوطرفہ اور وفود کی سطح پر ملاقات، دفاع وٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں، مفاہمتی یادداشتوں، مشترکہ اعلامیے اور مشترکہ پریس کانفرنس سے دونوں ملکوں کے باہمی تعاون کو بلند ترین سطح پر پہنچانے کا عزم نمایاں ہوا ہے۔ دفاع اور تجارت ایسے شعبے ہیں جن میں تعاون واشتراک کی کیفیت تعلقات کی گہرائی و گیرائی ظاہر کرتی ہے۔ ازبکستان کے نائب وزیر دفاع کی اسلام آباد میں پاکستان کے ائیر چیف مارشل سے ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے، مشترکہ تربیت اور ایرواسپیس شعبے میں ٹیکنالوجیکل تعاون کی بات چیت سے دونوں ملکوں کے روابط کی اہمیت مزید واضح ہوتی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان دفاع، ٹیکنالوجی، تیکنیکی تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون مضبوط بنانے کیلئے 10 معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط ہوئے ہیں۔ فریقین نے سائنس، تحقیق، ٹیکنالوجی، سیاحت، سفارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا فری سفر، ملٹری انٹیلی جنس، داخلی امور، پیشہ ورانہ وتیکنیکی تربیت اور سفارت کاروں کی تربیت کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا جبکہ آئندہ چار برسوں میں باہمی تجارتی حجم دوارب ڈالر تک پہنچانے پر اتفاق ایسی منصوبہ بندی کا آئینہ دار ہے جسے عملی روپ دے کر ہم اس علاقے کی تاریخ کا وہ دور ارتقائی صورت میں واپس لاسکتے ہیں جس میں پاکستان وسطی ایشیائی ملکوں کی مشرق وسطی سے تجارت کی اہم راہداری رہا ہے۔ پشاور کے قصہ خوانی بازار سمیت کئی دیگر نشانیاں اس دور کی یاد تازہ کرتی ہیں جبکہ گوادر بندرگاہ کی موجودہ ومجوزہ سہولتوں اور سی پیک کے ترقیاتی منصوبوں نے وسطی ایشیائی ریاستوں کی مختصر راستے سے گرم پانیوں تک رسائی کی راہ ہموار کردی ہے۔ افغانستان میں کئی عشروں سے جاری حالات بعض ایسے منصوبوں کی راہ میں حائل ہیں جو پورے خطے کی قسمت بدلنے کا ذریعہ ہیں۔ بات چیت، سفارتکاری اور دیگر ذرائع سے افغان حکومت کی مشکلات دور کرنے میں معاونت ترقی وخوشحالی کا تیز تر سفر شروع کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ (2021)، ترجیحی تجارتی معاہدے (2023) پر موثر عملدرآمد، دونوں ممالک کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری اور پاکستان وازبکستان کی کاروباری برادری کے مابین تعاون کے فروغ پر اتفاق کے اظہار کا مفہوم ایسی سرگرمیاں تیزی سے بروئے کار لانے کی صورت میں ظاہر ہوتا نظر آنا چاہئے جن سے باہمی تجارت میں زیادہ آسانیوں کا احساس اجاگر ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ٹرانس افغان ریلوے پروجیکٹ گیم چینجر منصوبہ ہوگا جبکہ ازبک صدر شوکت مرزا یوف نے درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل کی ضرورت اجاگر کی ہے۔ بظاہر مختصر محسوس ہونے والے مذکورہ نکات حقیقتاً جس وسیع مفہوم کے حامل ہیں اسے سامنے رکھا جائے تو موثر سفارت کاری سمیت بھرپور کاوشوں کا عزم نمایاں ہوتا ہے۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں ازبکستان کے اہم شعبوں کو پاکستان کے کئی اہم شہروں سے منسلک کرنے جو فیصلہ سامنے آیا، وہ درحقیقت سیاحت بڑھانے کا ایک موثر طریق کار ہے جس پر کام کر کے تجارتی مقاصد کا حصول بھی آسان تر کیا جاسکتا ہے۔ بین الاقوامی مسائل کے حل کیلئے عالمی تنظیموں، بالخصوص اقوام متحدہ کے کردار کو موثر بنانے اور عالمی سطح پر امن وسلامتی کے حصول کی ضرورت اجاگر کر کے دونوں رہنماؤں نے کرہ ارض پر رہنے والی انصاف پسند اکثریت کی خواہش کی ترجمانی کی ہے۔ توقع کی جانی چاہئے کہ دونوں رہنماؤں نے عالمی امن اور علاقائی ترقی کے جن امور پر اتفاق رائے کا اظہار کیا ان پر سفارتی اور دیگر سطحوں پر کام تیز تر ہوجائے گا۔

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ

فالس فلیگ آپریشنز بھارت کا معمول کا سیاسی وطیرہ بن چکا ہے جن کا پاکستان پر الزام لگاتے ہوئے اس نے کئی بار کھلی جارحیت کا مظاہرہ بھی کیا۔ 27 فروری 2019 کو اس نے پلوامہ فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں بزدلانہ حملے کی کوشش کی تھی اور بھارتی فضائیہ نے سرجیکل اسٹرائیک کے نام پر رات کے اندھیرے میں پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی اور ایف 16 طیارہ مار گرانے کا جھوٹا دعوی کیا جس پر نریندر مودی نے مضحکہ خیز بیان بھی داغا تھا۔ پاک فضائیہ نے مشہور آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کر کے بھارتی دراندازی کا تاریخ ساز دفاع اور جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ ہمارے شاہینوں نے بھارتی فضائیہ کے مگ ٹوئنٹی ون اور سخوئی تھری طیارے مار گرائے تھے۔ یہی نہیں پاک فوج نے آزاد کشمیر میں پیراشوٹ سے اترنے والے بھارتی پائلٹ ابھینندن کو پکڑ لیا اور پھر جذبہ خیر سگالی کے تحت اسے چائے پلا کر رخصت کیا گیا تھا۔ آج بھی بھارتی ونگ کمانڈر کی وردی، جہاز کی باقیات اور چائے کا کپ پی اے ایف میوزیم کراچی کی آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ گیلری میں محفوظ ہیں۔ پاکستانی قوم کیلئے یہ دن فخر کی علامت بن گیا ہے۔ اس آپریشن کے 6 سال مکمل ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور سروسز چیفس نے افواج پاکستان کی جرات، بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانیوں کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اس موقع پر آئی ایس پی آر نے ,دشمناں سن , نامی گانا بھی جاری کیا ہے جس میں آپریشن کے پس پردہ حقائق آشکار ہوئے ہیں۔ وزیراعظم اور عسکری قیادت نے اپنے پیغامات میں کہا ہے کہ 27 فروری 2019 کو کیا جانے والا آپریشن بھارت کی بلا جواز جارحیت کا ایک پرعزم ردعمل تھا کہ جب کبھی پاکستان کی قومی سلامتی اور استحکام پر ضرب لگانے کی کوشش کی گئی تو پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند متحد ہوگی اور مسلح افواج مادر وطن کے دفاع کے لیے ہمہ وقت چوکس اور پوری طرح تیار ہیں۔

چلن ......!

بھلا کیا بتائیں ہم اعمال اپنے
عجب ہوگیا ہے چلن زندگی کا
ہم اپنے گریبان میں جھانکتے ہیں
تو احساس ہوتا ہے شرمندگی کا

انور شعور

آؤ میں تیرا نام بدلوں



وکالت نامہ

ڈاکٹر بابر اعوان

بگا سنگھ عجیب کردار تھا۔ تقسیمِ ہند سے پہلے کے بزرگ بتاتے تھے کہ وہ "پھڑیں مارنے کا دلدادہ تھا۔ جہاں کوئی پہلوان اکھاڑا جیت جاتا بگا سنگھ اکھاڑے سے باہر کھڑا ہوکر اس کی تعریف کرنے والے لوگوں کو پورے یقین سے بتاتا کہ یہ پہلوان میرا 'پٹھا ہے۔ کسی نزدیکی ڈھوک یا آبادی میں نانگے ڈاکو ڈاکا مارنے آتے اور گاؤں لوٹ کر بھاگ جاتے۔ خبر پھیلتی اور بگا سنگھ تک پہنچ جاتی۔ بگا سنگھ فوراً منہ پر ہاتھ پھیرتا اور کہتا پورے پنجاب کے نانگے میرے شاگرد ہیں۔ راولپنڈی میں جے ڈی ہارڈی نامی ڈپٹی کمشنر کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ اردو بول اور سمجھ لیتا تھا۔ بگا سنگھ کے گاؤں کے نمبردار نے ڈی سی صاحب بہادر سے مخبری کی کہ ہمارے علاقے میں ایک آدمی اپنی بڑی بڑی وارداتوں کا کھلے عام پبلک میں بیٹھ کر 'اعتراف جرم کرتا ہے۔ اسی دوران ایک موہڑے میں تین اندھے قتل ہوگئے۔ بگا سنگھ تک جب اس واردات کی خبر پہنچی تو بگا سنگھ نے منہ پر ہاتھ مارا اور روٹین کا ڈائیلاگ بول دیا کہ دیکھ لینا اس میں بھی بگا سنگھ کا ہی نام آئے گا میرا نام نہ آیا تو میرا نام بدل دینا۔ جے ڈی ہارڈی نے بگا سنگھ کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار پارٹی بھیج دی۔ جے ڈی ہارڈی کی بھیجی ہوئی پولیس ریڈنگ پارٹی اس کے گاؤں جا پہنچی۔ گورا پولیس کی آمد کی خبر سن کر بگا سنگھ کی پھڑیں ہوا ہوگئیں۔ اس نے گلے میں کینٹھا ڈالا منہ پر کالک مل لی اور بھیس بدل کر چڑھدے پنجاب کی طرف بھاگ نکلا۔

بگا سنگھ ایک Legend تھا یا محض ایک افسانوی کردار یہ تو معلوم نہیں لیکن اتنا یقین سے کہا جا سکتا ہے وہ ایک ذہنیت یعنی Mentality ضرور تھا۔ اپنی اوقات سے بڑھ کر لمبی لمبی چھوڑنے والی ذہنیت۔ بگا سنگھ کی پھڑوں نے ہی اسے خوداختیاری جلاوطنی پر مجبور کیا۔ لیکن جاتے جاتے وہ اپنے پیچھے پھڑبازی کی ایک پوری فصل چھوڑ گیا۔ آزادی کے 77 سال بعد بگا سنگھ کی روایت اپنے ہاں آرٹ آف گورننس بن چکی ہے۔

ذرا پیچھے چلیں تو آپ کو 1970 کے عشرے کا چیف پھڑباز ملے گا۔ افغانستان سے روسی فوجوں کا انخلا ہوا تو اس نے پھڑ ماری کہ روس میں نے توڑا ہے۔ پاکستان کے کم خواندہ یا اس وقت نیم خواندہ انفارمیشن پر سرکاری کنٹرول کے مارے ہوئے سماج کو ایسا تاثر دیا کہ جیسے سوویت یونین کو توڑنے کے لیے گورباچوف نے پھڑباز کی مٹھی چاپی کے بدلے اس سے ملک توڑنے کا گر سیکھا تھا۔ ایک طرف پھڑباز صبح وردی دوپہر جیکٹ اور شام کو شیروانی پہننا شروع ہوگیا۔ دوسری طرف ہمراہی پھڑبازوں نے قوم کو بتایا کہ اب پاکستان میں اسلامی معاشی نظام اور نظام عدل پر مبنی انقلاب آنے کو کوئی مائی کا لعل نہیں روک سکتا۔ کبھی کبھی ایسا لگتا جیسے بگا سنگھ ترن تارن اور ماجھے مالوے سے بیزار ہوکر لہندے پنجاب میں واپس آ گیا ہے۔ چیف پھڑباز نے جاتے جاتے اپنے پیچھے پھڑبازی کی گھنی پنیری اگا دی۔ دوسری تاریخی پھڑ اسی ٹیم کے مرکزی پھڑباز نے ملک کے سنوارنے کے لیے لگائی۔ پھڑ کا عنوان تھا "قرض اتارو ملک سنوارو۔ ابھی قوم اس پھڑ کو سمجھنے اور اس سے سنبھلنے کے درمیان سوچ کے گھوڑے دوڑا ہی رہی تھی کہ راتوں رات تمام بینکوں سے فارن ڈیپازٹ اکاؤنٹس خالی ہوگئے۔ اگر آپ اس پھڑ اور مزید ایک اور پھڑ کو ملا کر پڑھیں تو آپ قرض اترنے اور ملک سنورنے کے کھرے تک آسانی سے پہنچ جائیں گے۔ جس دور میں وطن عزیز کے کھاتاداروں کے فارن کرنسی اکاؤنٹس خالی ہوئے تھے عین اسی دور میں محل نما مے فیئر اپارٹمنٹ پارک ویو ون ایون فیلڈ پراپرٹیز خرید کر پاکستان ترقی یافتہ قوموں کی صف میں شامل ہوا تھا۔ یہ ان ملکوں کی صف ہے جسے ورلڈ بینک اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ والے ہمارے مانیٹر پورے ادب سے First World Countries کے نام سے پکارتے ہیں۔

پھڑبازی کا عہدِ ثالث اکیسویں صدی کے دوسرے عشرے کی انتخابی مہم سے شروع ہوتا ہے۔ جب رنگ بازوں کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے منہ پر ہاتھ پھیر کر یہ پھڑ ماری گئی کہ اگر میں نے اسی چوک میں اسے الٹا نہ لٹکایا اس کا پیٹ پھاڑ کر چوری کے پیسے برآمد نہ کیے اسے اس کے شہر کی سڑکوں پر نہ گھسیٹا تو میرا نام بدل دینا۔

تقدیر کا کرنا ایسا ہوا کہ پاکستان میں پھڑبازی کی صنعت پھڑسازی میں تبدیل ہوگئی۔ چنانچہ اسے سرکاری طور پر حکومت سازی کا ہنر مان لیا گیا۔ آج حال یہ ہے کہ ہم کرکٹ اور کرنسی دونوں کی ریٹنگ میں افغانستان سے کئی گنا نیچے ہیں۔ معاشی ترقی اور ایکسپورٹ سمیت ہر شعبے میں بھارت سے کوسوں پیچھے۔ پروڈکشن اور پاپولیشن کنٹرول میں بنگلہ دیش سے عشروں لیٹ۔ ایسے میں وزیراعظم نے ایسی بھرپور پھڑ ماری ہے جسے سوشل میڈیا نے 'پھڑ آف سنچری بنا دیا۔ منہ پر ہاتھ پھیرا اور بھارت کو للکارتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے محنت کر کے بھارت کو پیچھے نہ چھوڑ دیا تو میرا نام شہباز شریف نہیں۔

قارئینِ وکالت نامہ! محنت ہوتی کیا ہے اس کی مثال امریکی ریاست مشی گن کے علاقے ڈیٹرائٹ (Detroit) میں کام کرنے والے ایک ینگ میکینک سے ملتی ہے جو روزانہ دس گھنٹے کام کرتا اور ہفتے کے گیارہ ڈالر کماتا تھا۔ یہ محنتی لڑکا گھر آتے ہی آدھی رات تک ایک نئی قسم کا انجن بنانے میں لگ جاتا۔ نوجوان کا والد کسان تھا جو اس کوشش کو ہمیشہ فضول سمجھتا۔ بس اس کی بیوی سرد راتوں میں گیس لیمپ لے کر انجن بنانے کے کام میں اس کی معاونت کے لیے ساتھ دیتی۔ پھر سال 1893 آ گیا۔ جب یہ میکینک تیس سال کا ہوا تو اس کا کام مکمل ہو چکا تھا۔ ایک دن پڑوسیوں نے بڑی عجیب سی آواز سنی اور اپنے گھروں کی کھڑکیوں سے باہر جھانکنے لگے۔ پڑوسی یہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ نوجوان میکینک جس کا ہر جگہ ہمیشہ مذاق بنایا جاتا رہا وہ اپنی بیوی کے ساتھ ایسی گاڑی میں سوار ہے جو بغیر گھوڑوں کے چل رہی ہے۔ یہ نوجوان تھا ہنری فورڈ۔ اس دن ڈیٹرائٹ کے لوگوں نے پوری دنیا بدل دینے والی ایک نئی ایجاد کا جنم دیکھا تھا۔ اس ایجاد نے انسانیت پر ترقی کے لاتعداد دروازے کھول ڈالے۔ جب سر ہنری فورڈ کی عمر 70 سال ہوئی تو اس سے پوچھا گیا کہ اگر آپ کو دوبارہ زندہ ہونے کا موقع مل جائے تو آپ کیا بننا چاہیں گے؟ ہنری فورڈ نے جواب دیا کہ مجھے اس بات کی پروا نہیں کہ میں کیا بنوں۔ بس گیس لیمپ اٹھانے والی بیوی کا ساتھ مانگوں گا اور کوئی نئی دریافت عالمِ انسانیت کے نام کردوں گا۔

سوری یاد نہیں رہا کہ 'پھڑ آف دی سنچری نے ثابت کر دیا کہ اس کی ہدایت کاری اور تربیت سازی کا لیکچر سن کر بھارت کو کرکٹ میں مات ہو گئی۔ اسی لیے متبادل میڈیا چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے! آؤ میں تیرا نام بدلوں۔ اسی شور سے شہرِ اقتدار کی رت بدل رہی ہے:

کب ایک ہی رت رہی ہمیشہ؟
یہ ظلم کی فصل بھی کٹے گی
جب ہر شخص کہے گا قم بہ اذنی
مرتی ہوئی خاک جی اٹھے گی
لیلائے وطن کے پیرہن میں
بارود کی بو نہیں رہے گی

☆☆☆

ایک باغی اور انقلابی شاعر کی یاد میں

فیضِ عام

سہیل وڑائچ

suhail.warraich@dunya.com.pk

برصغیر میں کئی باغی شاعر پیدا ہوئے انہی میں سے ایک بڑا نام جوش ملیح آبادی کا ہے۔ جوش وہ باغی شاعر تھے جنہوں نے اردو شاعری کی نئی تعریف متعین کی۔ اردو شاعری نے بہت سے قابلِ ذکر شاعروں کا عروج دیکھا ہے جن میں سے ہر ایک نے وسیع ادبی منظرنامے پر اپنے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ ان میں جوش ملیح آبادی ایک انقلابی قوت کے طور پر سب سے جدا کھڑے ہیں۔ وہ ایک ایسا شعلہ ہیں جس نے اردو شاعری کو ایک نئی شکل دی۔ ان کی شاعری تخیل کے دور میں ایک گرجدار گونج جمود کے خلاف بغاوت اور بیداری کی پکار تھی۔ اس کا نام بے خوف اظہار فلسفیانہ گہرائی اور لسانی فضیلت کا نشان بن گیا۔

جوش جذبے اور انقلاب کے شاعر تھے۔ شبیر حسن خان کے نام سے 1898 میں ہندوستان کے ایک چھوٹے سے شہر ملیح آباد (موجودہ اتر پردیش) میں پیدا ہوئے۔ جوش ملیح آبادی جدید اردو شاعری کی سب سے طاقتور آواز بن کر ابھرے۔ وہ محض شاعر نہیں بلکہ ایک نظریاتی آدمی تھے جس نے شاعری کو روشن خیالی انقلاب اور ترقی کا ذریعہ سمجھا۔ ان کے اشعار جوش وخروش سے لبریز تھے جس میں جبر کو للکارا گیا آزادی کا جشن منایا گیا اور فرد اور قوم دونوں کی بیداری کا مطالبہ کیا گیا۔

جوش نے اردو شاعری میں ایک نیا اسلوب متعارف کرایا جو بے باک بے لگام اور پرجوش تھا۔ ان کا لہجہ شاندار تھا ان کے الفاظ کا انتخاب شاندار تھا اور ان کے موضوعات اکثر آگ لگانے والے ہوتے تھے۔ اپنے پیشرووں کے برعکس جنہوں نے بنیادی طور پر محبت اور تصوف کے موضوعات پر توجہ مرکوز کی جوش نے اپنی شاعری میں ایک نیا رجحان داخل کیا۔ انہوں نے قوم پرستی سماجی انصاف سائنسی ترقی اور فکری بغاوت کے موضوعات کا انتخاب کیا۔ ان کا کام ہندوستان کی تحریکِ آزادی کے دوران گونج اٹھا اور ان کی شاعری مزاحمت کا ترانہ بن گئی۔ "حصول آزادی اور "شکوہ اقبال جیسی نظمیں ان کے شعلہ بیان جذبے اور آزادی اور انصاف کے لیے انتھک وابستگی کی عکاسی کرتی ہیں۔

جوش کی اردو زبان پر دسترس اور اردو شاعری بے مثال ہے۔ وہ اپنے دلکش استعاروں پیچیدہ لفظوں اور شاندار انداز کے لیے جانے جاتے تھے۔ غالب کی سادگی یا اقبال کی تصوف کے برعکس جوش کی شاعری بیان بازی کا ایک دھماکا تھی جہاں زبان ہی آگ لگتی تھی۔ فارسی اور عربی الفاظ پر ان کی مہارت نے ان کی شاعری کو گہرائی اور شدت سے مالا مال کر رکھا تھا۔ اپنی اسلوبیاتی اختراعات کے علاوہ جوش نے اردو شاعری کے موضوعات کو جدید بنانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ وہ فرسودہ روایات پر سوال اٹھانے اندھے اعتقاد پر استدلال کی وکالت کرنے اور علم اور سائنس کے ذریعے انسانی ترقی کا جشن منانے کے قائل تھے۔

تلوار کی طرح تیز قلم سے جوش تنازعات کو ہوا دینے کے عادی تھے۔ ان کی صاف گوئی اکثر نوآبادیاتی ہندوستان اور بعد میں پاکستان میں حکام کے ساتھ تنازعات کا باعث بنتی تھی جہاں اپنے آبائی علاقے کو چھوڑ کر انہوں نے ہجرت کی تھی تاہم ان کی شاعری سچائی آزادی اور انصاف کے حصول میں اٹل رہی۔ ان کی سوانح عمری "یادوں کی برات اردو نثر کی مشہور تخلیقات میں سے ایک ہے جو ان کی زندگی جدوجہد اور نظریے کے بارے میں گہری بصیرت پیش کرتی ہے۔ یہ ادبی ذہانت کا خزانہ ہے اور ان کی غیر متزلزل شخصیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

جوش ملیح آبادی کا انتقال 22 فروری 1982 کو ہوا لیکن اردو شاعری پر ان کا اثر ابھی تک کم نہیں ہوا۔ ان کی خدمات شاعروں دانشوروں اور اردو ادب سے محبت کرنے والوں کو متاثر کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے اردو شاعری کو انقلابی جوش وجذبے سے دوچار کر کے اس کی نئی تعریف کی۔ اسے نہ صرف جمالیاتی لذت کا ذریعہ بنایا بلکہ سماجی تبدیلی کا ایک راستہ بھی بنایا۔ ایک ایسے دور میں جہاں مزاحمت کی آوازیں اکثر دب جاتی ہیں جوش کی شاعری انحراف اور روشن خیالی کا کام کرتی ہے۔ ان کا کلام ہمیں یاد دلاتا ہے کہ شاعری صرف خوبصورتی کے بارے میں نہیں بلکہ یہ سچائی ہمت اور ترقی کی انتھک جستجو کے بارے میں ہے۔

اردو شاعری اپنی تمام شان وشوکت کے ساتھ جوش ملیح آبادی کی شعلہ بیان روح کی ہمیشہ مقروض رہے گی۔ وہ شاعر جس نے خواب دیکھنے بولنے اور بغاوت کرنے کی ہمت کی۔

جوش 1956 میں ہجرت کر کے پاکستان آئے تھے۔ بھارت کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کے ساتھ ان کی ذاتی دوستی تھی۔ ان کے بھارت میں ہی رہنے کے اصرار کے باوجود جوش نے ہجرت کی۔ اس وقت عام طور پر بھارت میں شاعروں اور اردو زبان کے مستقبل کے بارے میں یہ خیال تھا کہ ہندو اکثریت اردو کے بجائے ہندی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ ہجرت کے بعد جوش نے کراچی میں سکونت اختیار کی اور انجمن ترقی اردو کے لیے کام کرتے رہے۔ بعدازاں انہوں نے اسلام آباد میں سکونت اختیار کر لی جہاں وہ اپنی وفات تک مقیم رہے۔ مصطفیٰ زیدی فیض احمد فیض اور سید فخر الدین بلے جوش کے قریبی ساتھی اور دوست تھے۔ فیض احمد فیض اپنی بیماری کے دوران بھی جوش سے ملنے اسلام آباد جاتے رہے اور سید فخرالدین بلے بھی باقاعدگی سے جوش اور ان کے بیٹے سجاد حیدر خروش سے ملتے رہے۔

پروفیسر احتشام حسین پہلی نامور شخصیت تھے جنہوں نے بھارت میں ان کی رضامندی سے جوش کی سوانح حیات پر کام شروع کیا۔ ان کا یہ کام ابھی ابتدائی مراحل میں ہی تھا کہ جوش ہجرت کر کے پاکستان آ گئے۔ جوش کی پاکستان ہجرت کے بعد پروفیسر احتشام حسین اپنا یہ کام کبھی مکمل نہیں کر سکے۔ پروفیسر محمد حسن جو پروفیسر احتشام کے نسب کے ایک ممتاز سکالر ہیں نے پھر 1987 میں جوش پر تقریباً 100 صفحات کا ایک مقالہ لکھا جسے کیلگری کینیڈا سے شائع کرنے کا اعلان کیا گیا۔ اسی طرح ہلال نقوی جو نامور شاعر اور محقق نے تقریباً اپنی پوری زندگی جوش کے کام کو جمع کرنے اور شائع کرنے میں وقف کردی۔ جوش کے مداحوں کی فہرست طویل اور تقریباً ایک صدی پر محیط ہے لیکن ان میں سب سے نمایاں کردار ادا کرنے والوں اور مصنفین میں پروفیسر احتشام حسین رئیس امروہوی مصطفیٰ زیدی صہبا لکھنوی پروفیسر قمر رئیس علی سردار پروفیسر محمد علی ممتاز حسین ممتاز علی شاہ اور ممتاز احمد وغیرہ شامل ہیں۔ پروفیسر سحر انصاری راحت سعید جون ایلیا محمد علی صدیقی پروفیسر حسن عابد جعفر احمد پروین شاکر اقبال حیدر اور شائستہ رضوی نے بھی جوش پر کام کیا۔ بھارت میں بھی جوش پر کافی کام ہوا۔ مزید یہ کہ جوش کے نواسے فرخ جمال ملیح آبادی اور ان کی پوتی تبسم اخلاق نے بھی اپنی شاعری کی میراث سنبھالی۔ کینیڈا میں فروری 1983 میں کیلگری میں جوش لٹریری سوسائٹی) جے ایل ایس سی (قائم کی گئی تھی۔ کینیڈا میں اقبال حیدر ارشد واسطی شائستہ رضوی ناہید کاظمی نگہت حیدر حسن ظہیر عقیل اطہر علیم غزنوی عبدالقوی ضیا اور دیگر مل کر جوش پر کام کرتے رہے ہیں۔ جے ایل ایس سی نے فروری 1986 میں کیلگری میں اپنی پہلی ادبی کانفرنس 'جوش؛ دی پوئٹ آف دی سنچری کے عنوان سے منعقد کی جس میں ممتاز سکالرز نے اپنے مضامین پیش کیے۔ جوش پر کافی کام ہوا کئی گراں قدر تصانیف سامنے آئیں لیکن شعر وادب کی تاریخ میں جوش کو ابھی تک وہ مقام نہیں مل سکا جس کے وہ حقدار تھے۔

کھیلوں کا فروغ ضروری

جویریہ کی ڈائری

ایک وقت تھا جب ہمارے ملک میں کبڈی پہلوانی گھڑ سواری پولو سکواش باکسنگ ریسلنگ سنوکر کراٹے تیراکی تیراندازی بیڈمنٹن والی بال فٹ بال ہاکی اور ٹیبل ٹینس سمیت بہت سے کھیل کھیلے جاتے تھے۔ پہلوانی کا کھیل تو اپنی مثال آپ تھا۔ لاہور اور گوجرانوالہ اس کھیل میں خاصی اہمیت رکھتے تھے۔ یہاں سے بڑے بڑے پہلوان نکلے جنہوں نے عالمی ٹائٹل جیتے اور دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ یہ پہلوان نہ صرف دولتِ مشترکہ کے مقابلوں میں تمغے جیت کر لائے بلکہ اولمپکس تک بھی پہنچے۔ پھر یہ فن پاکستان میں دم توڑنے لگا۔ وہ اکھاڑے جو کبھی پہلوانوں اور شائقین سے بھرے ہوتے تھے اب کھنڈرات کا منظر پیش کرتے ہیں۔ اگرچہ اب بھی کچھ لوگ اس فن کو آگے بڑھا رہے ہیں لیکن انہیں کوئی حکومتی سرپرستی حاصل نہیں۔ دوسری طرف بھارت میں فنِ پہلوانی آج بھی زندہ ہے یہاں تک کہ اب وہاں لڑکیاں بھی کشتی لڑتی اور ویٹ لفٹنگ کرتی ہیں۔

اپنے ملک کی بات کریں تو یہاں کرکٹ ہی سب سے زیادہ مقبول کھیل ہے۔ حکومت کی طرف سے بھی اسی کھیل کی سرپرستی کی جاتی ہے۔ دوسرے کھیلوں اور ایتھلیٹس کا کوئی پرسانِ حال نہیں۔ میں نے کچھ سال پہلے ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ کا انٹرویو کیا تھا۔ ان کے والد ان پر اتنی محنت کر رہے تھے کہ مجھے یقین تھا کہ وہ پاکستان کے لیے ضرور تمغے لائیں گے۔ پھر ایسا ہی ہوا پاکستان کا یہ ہونہار بیٹا جب میدان میں اترا تو میدان مار لیا۔ ویٹ لفٹر نوح دستگیر نے 2022 میں پاکستان کے لیے کامن ویلتھ گیمز میں طلائی تمغہ حاصل کیا یہ سب ان کے والد کی محنت کی وجہ سے ممکن ہوا اس میں کھیلوں سے جڑے کسی محکمے یا حکام کا کوئی ہاتھ نہیں تھا۔ نوح دستگیر میڈیا پر یہ بات بتا چکے کہ جب انہوں نے کامن ویلتھ گیمز میں تمغہ جیتا تو ان پر دباؤ ڈالا گیا کہ اس کامیابی کا سہرا ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کے سر سجایا جائے۔ ان کے انکار پر اولمپکس میں ان کی شرکت کی راہ میں رکاوٹ ڈالی گئی۔ ہماری ہاں کھیلوں میں ہونے والی سیاست اقربا پروری اور سفارش کلچر کی وجہ سے ہی بہترین ایتھلیٹ عالمی سطح پر ملک کی بھرپور نمائندگی نہیں کر پاتے۔ نوح دستگیر پیرس اولمپکس میں پاکستان کی نمائندگی کرنا چاہتے تھے لیکن کامن ویلتھ گیمز میں ملک کے لیے سونے کا تمغہ جیتنے والے اس کھلاڑی کو مناسب ٹریننگ اور سہولتیں مہیا کرنے کے بجائے فیڈریشن کی جانب سے اس کی راہ میں مزید مشکلات کھڑی کر دی گئیں۔ یہ صرف ایک کھیل اور ایتھلیٹ کا احوال ہے باقی کھیلوں کی صورتحال بھی کوئی حوصلہ افزا نہیں۔

ہاکی جو کہنے کو ہمارا قومی کھیل ہے اس میں آج ہم کہاں کھڑے ہیں وہ سب کے سامنے ہے۔ پاکستانی کا قومی کھیل کیوں اور کیسے زبوں حالی کا شکار ہوا تاریخ دان ہاکی فیڈریشن کے عہدیدار اور ہاکی کے کھلاڑی خود اس موضوع پر بہتر روشنی ڈال سکتے ہیں۔ میں فقط اتنا جانتی ہوں کہ کبھی پاکستانی ہاکی ٹیم دنیا کی نمبرون ٹیم تھی۔ اس ٹیم سے امید ہوتی تھی کہ یہ اولمپک میں بھی کم از کم ایک میڈل ضرور جیت لائے گی۔ ایشین گیمز میں ہاکی ٹیم نے آٹھ گولڈ میڈل جیت رکھے ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستان نے چار ہاکی ورلڈ کپ اور چیمپئن ٹرافی بھی جیت رکھی ہے۔ پاکستان نے آخری بار 1994 میں ہاکی کا ورلڈ کپ جیتا تھا۔ اب یہ کھیل اس قدر زبوں حالی کا شکار ہے کہ ہماری ٹیم گزشتہ برس پیرس میں ہونے والی اولمپکس گیمز کوالیفائی ہی نہیں کر سکی تھی۔ پرانے ہاکی کھلاڑی اس زبوں حالی کا ذمہ دار ہاکی فیڈریشن کو ٹھہراتے ہیں۔ ہاکی کی زبوں حالی کی ایک بڑی وجہ کھلاڑیوں کی مالی مشکلات بھی ہیں۔ ہاکی کے کھلاڑیوں کی تنخواہیں کرکٹ کے کھلاڑیوں کے مقابلے میں بہت کم ہوتی ہیں اور ان کے لیے سہولتوں کا بھی فقدان ہوتا ہے۔ فیڈریشن کے عہدیداروں کی بات سنیں تو وہ سارا مدعا کھلاڑیوں پر ڈال کر بری الذمہ ہوجاتے ہیں۔

پہلے حکومت خود کھیلوں میں دلچسپی لیا کرتی تھی۔ متعلقہ ادارے بھی کھلاڑیوں کو مکمل سپورٹ کرتے تھے۔ سپانسر شپ اس کے علاوہ ہوتی تھی مگر اب ایسا نہیں ہوتا۔ پیرس اولمپکس میں پاکستانی کھلاڑیوں سے زیادہ سیاسی لوگ اور فیڈریشنز کے عہدیدار پہنچے ہوئے تھے۔ ارشد ندیم جب سہولتوں کی کمی کے باوجود اپنی محنت کے بل پر گولڈ میڈل جیتنے میں کامیاب ہوگیا تو اس کی کامیابی کا کریڈٹ لینے والوں کی قطاریں لگ گئیں۔ ماضی میں پاکستان سکواش کے میدانوں پر بھی راج کرتا رہا۔ جہانگیر خان پاکستان کے سکواش کے بہترین کھلاڑی تھے جنہوں نے چھ مرتبہ سکواش ورلڈ چیمپئن شپ جیتی۔ وہ اس کھیل میں ساڑھے پانچ سال تک ناقابلِ شکست رہے۔ انہوں نے دس بار برٹش اوپن چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ اسی طرح جان شیر خان نے سکواش میں آٹھ مرتبہ ورلڈ اوپن اور چھ مرتبہ برٹش اوپن چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ پاکستان نے دہائیوں تک اس کھیل پر راج کیا لیکن اب یہ صورتحال ہے کہ سکواش کی عالمی رینکنگ میں کوئی پاکستانی کھلاڑی موجود نہیں۔ پاکستان میں اب بھی سکواش کا ٹیلنٹ موجود ہے خاص طور پر خیبرپختونخوا سے بہت سے نوجوان اس کھیل کی طرف راغب ہوتے ہیں لیکن ان بچوں کو مناسب سرپرستی اور ضروری سہولتیں ہی نہیں ملتیں۔ اس وجہ سے نیا ٹیلنٹ ضائع اور بہت سے نوجوانوں کا کیریئر ختم ہوجاتا ہے۔ پاکستان 1994 میں سنوکر کا بھی ورلڈ چیمپئن بنا۔ اب یہ کھیل بھی ختم ہوتا جارہا ہے۔

گالف کا کھیل پاکستان میں اشرافیہ کا کھیل بن چکا ہے۔ عام آدمی کو مہنگے گالف کلبز تک رسائی حاصل نہیں۔ بچوں کو سوئمنگ پولز جمنازیم کھیلوں کے میدان میسر نہ ہونے کی وجہ سے بچے پب جی اور ٹک ٹاک پہ مصروف رہتے ہیں۔ کرکٹ کے سحر میں مبتلا ہونے کی وجہ سے پاکستان میں دیگر سبھی کھیل تقریباً ختم ہوچکے ہیں اور کرکٹ کی کارکردگی بھی سب کے سامنے ہے۔ عوام صرف کرکٹ دیکھنا چاہتے ہیں۔ کرکٹ میں بھی مردوں کی ٹیم کو زیادہ سپورٹ کیا جاتا ہے خواتین اس سپورٹ سے قدرے محروم ہیں۔ اتنی زیادہ حکومتی توجہ عوام کی محبت سپانسر شپس کاونٹی معاہدوں اور کرکٹ لیگز کے باوجود پچھلے کچھ عالمی ٹورنامنٹس میں ہماری ٹیم کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی ہے۔ 2009 میں لاہور میں سری لنکن کرکٹ ٹیم پر حملے کے بعد حکومت اور کرکٹ بورڈ نے بہت کوششوں سے ملک میں عالمی کرکٹ بحال کی ہے لیکن ہماری ٹیم چیمپئنز ٹرافی میں ہوم گراؤنڈ کا فائدہ بھی نہیں اٹھا سکی اور ٹورنامنٹ کے پہلے ہی راؤنڈ میں باہر ہوگئی۔ 2017 میں جب پاکستانی کرکٹ ٹیم سرفراز احمد کی قیادت میں چیمپئنز ٹرافی جیتی تھی تو کرکٹ کے شائقین کی خوشی دیدنی تھی۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کریڈٹ پر آخری بڑی کامیابی 2017 کی چیمپئنز ٹرافی ہے اس ٹورنامنٹ کے بعد پاکستانی ٹیم کسی ٹورنامنٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکی ہے۔ بالخصوص بھارت کے خلاف میچوں میں اب بھارتی ٹیم کا پلڑا ہی بھاری رہتا ہے۔ بھارت کے خلاف میچ میں قومی ٹیم کی بیٹنگ باولنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں کارکردگی انتہائی مایوس کن تھی۔ اگر قومی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی ایسی ہی مایوس کن رہی تو جلد ہی عوام میں کرکٹ کا جنون بھی ختم ہوجائے گا۔

حکومت کو صرف کرکٹ کے بجائے تمام کھیلوں پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ کھیلوں کے فروغ کے لیے ہر کالج میں کم از کم ایک کھیل کا میدان ضرور بنایا جانا چاہیے جہاں طلبہ کو تمام بنیادی سہولتیں بھی فراہم کی جانی چاہئیں۔ اگر حکومت اس طرف توجہ نہیں دیتی تو ہمارے سماج کے مخیر حضرات اور ملک کے بڑے کاروباری اداروں کو سکولوں کالجوں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے کام کرنا چاہیے۔ بچوں کو سوشل میڈیا سے دور کرنے اور ان میں تعمیری سوچ پیدا کرنے بھی کھیلوں کا فروغ بہت ضروری ہے۔

☆☆☆

فیک نیوز، فیک ویڈیوز، فیک ڈپلومیسی



تعاقب

تنویر قیصر شاہد

tanveer.qaisar@express.com.pk

مذکورہ بالا چھ الفاظ نے جدید دنیا کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ کئی حکومتیں، کئی حکمران، کئی نظامِ حکومت اور کئی عالمی سیاسی واقتصادی ادارے اِن چھ الفاظ کے اٹھائے گئے متعدد اور متنوع طوفانوں کی زد میں ہیں۔

سوشل میڈیا پر برپا اِن طوفانوں کی تباہ کاریوں سے بچنے کے لیے کئی راہیں تلاش کی جارہی ہیں، کئی قوانین اور ضوابط مرتب کیے جارہے ہیں لیکن یہ ایسا عفریت ہے جو قابو سے باہر ہوتا جارہا ہے۔ کسی فرینکنسٹائن کی طرح۔ حتیٰ کہ اب یو این او کے سیکرٹری جنرل، انتونیو گوتریس، نے بھی کہا ہے کہ سوشل میڈیا جنگ اور کھلی جہالت کا میدان بن سکتا ہے۔ سوشل میڈیا کے پیدا کردہ زہریلے ماحول سے اظہارِ آزادی سکڑ سکتا ہے۔ سوشل میڈیا کی طاقت سے پیدا کردہ فیک نیوز بڑی قیامتیں ڈھا رہی ہیں۔ ہمیں مذہبی طور پر حکم دیا گیا ہے کہ جب کوئی شخص کوئی بھی خبر لے کر آئے تو اِس کی تصدیق کرلیا کریں۔ ہم نے مگر بحیثیتِ قوم، عمومی طور پر، اِس عظیم وبے مثال حکم کی بھی، دیگر احکام کی مانند، مطلوبہ پابندی نہیں کی۔ نتائج ہم سب کے سامنے ہیں۔

دیگر ممالک اور خطوں کی تو بات ہی چھوڑیے، وطنِ عزیز کے اندر بھی متعدد بار فیک نیوز کئی فسادات اور تباہ کاریوں کا سبب بن چکی ہیں۔ اِس ضمن میں متعدد تازہ مثالیں یہاں پیش کی جاسکتی ہیں۔ نام کیا لینا مگر سچ یہ ہے کہ فیک نیوز کی زد میں پاکستان کی کئی نامور شخصیات بھی آ چکی ہیں۔ لاتعداد مقدمات بھی عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں۔ کچھ ملزمان زیرِ حراست بھی ہیں۔ مگر فیک نیوز گھڑنے، پھیلانے اور پھر اِن کی بنیاد پر فساد پیدا کرنے والے زیادہ تر افراد کو ہنوز سزائیں نہیں دی جاسکی ہیں۔ فیک نیوز کی ضرر رسانیاں اب اتنی زیادہ بڑھ گئی ہیں کہ ملک بھر کی ذہن سازی ہوچکی ہے کہ فیک نیوز کا انسداد ہونا چاہیے۔ اِس کے لیے شہباز حکومت نے PECA قانون منظور کر لیا ہے۔

ویسے تو اِس قانون کی بنیادیں بانی پی ٹی آئی کے دور ہی میں رکھ دی گئی تھیں مگر اب اِسے زیادہ واضح اسلوب میں سامنے لایا گیا ہے۔ ملک بھر کے صحافیوں اور مخالف حکومتی سیاسی جماعتوں کی جانب سے مگر PECA کے خلاف آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ اِسے کالا قانون گردانا جارہا ہے۔ صحافیوں، صحافتی اداروں اور پاکستان کے جملہ پریس کلبوں کی طرف سے اِس کے خلاف ایام سیاہ بھی منائے گئے اور دھرنے بھی دیے گئے ہیں۔ مبینہ طور پر اِس قانون کے تحت زباں بندی کے نئے دستور بنائے گئے ہیں۔ صحافتی تنظیمیں اِس کے خلاف عدالت کے دروازے پر دستک بھی دے چکی ہیں۔

مذکورہ قانون کی مخالفت کرنے والوں کا متفقہ طور پر کہنا ہے کہ PECA دراصل صحافیوں کے قلم اور زبان کو پابجولاں کرنے کی سعی ہے۔ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ اِس قانون کو بروئے کار لا کر حکومت جب چاہے گی، مخالف آوازوں کو دبا سکے گی، مخالفین کو حوالہ زنداں بھی کر سکے گی، عدالتیں صحافیوں کو لاکھوں روپے کے جرمانے بھی کر سکیں گی۔ کہا جارہا ہے کہ جو بھی اِس قانون کی کڑکی میں پھنس گیا، اسے بیک وقت برسوں کی قید اور جرمانہ بھی کیا جاسکے گا۔

نیتوں کا احوال تو خدا ہی جانتا ہے مگر حکومت کا موقف ہے کہ ہم PECA کے تحت فیک نیوز کا انسداد اور اپائے کرنے جارہے ہیں۔ فیک نیوز کی طرح دنیا بھر میں فیک ویڈیوز نے بھی تباہیاں مچا رکھی ہیں۔ فیک نیوز اور فیک ویڈیوز جب رل مل کر بروئے کار لائی جاتی ہیں تو اِن کی ڈھائی گئی قیامتیں دوآتشہ ہوجاتی ہیں۔ فیک ویڈیوز نے دنیا بھر کی نفسیات پر نہایت منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ فیک ویڈیوز کی تیاری میں بالعموم مصنوعی ذہانت AI(Artificial Intelligence) کی پراسرار جدید سائنسی وٹیکنیکل طاقت استعمال کی جارہی ہے۔

اے آئی (AI) کا استعمال روز بروز بڑھ اور پھیل رہا ہے۔ اِس کی منفی سرگرمیوں کے انسداد کے لیے 11 جنوری 2025 کو پیرس میں ایک اعلیٰ سطح کانفرنس کا 2 روزہ انعقاد ہوا ہے۔ اِس میں 100 کے قریب کئی سربرانِ مملکت، وزرائے اعظم، اعلیٰ حکومتی نمائندگان اور عالمی شہرت یافتہ ارب پتی ٹیکنیکل اداروں کے سربراہوں نے حصہ لیا ہے۔ فرانس کے صدر، ایمانوئل میکرون، نے اِس کی صدارت کی۔ پاکستان کو تو اِس میں مدعو ہی نہیں کیا گیا (کہ پاکستان میں تو خیر سے انٹرنیٹ مطلوبہ رفتار سے چلتا ہے نہ ایکس کام کرتا ہے) لیکن بھارتی وزیراعظم، نریندر مودی، دعوت میں بلائے گئے۔

امریکی نائب صدر، جے ڈی وانس، بھی موجود تھے۔ امریکا میں گوگل کے ہندو سی ای او (سندر پچائی) بھی اِس کانفرنس میں مدعو کیے گئے، Open AI ایسی ورلڈ فیم کمپنی کے سربراہ Sam Altman بھی وہاں تھے، اینتھرو پکس نامی مصنوعی ذہانت ادارے کے سربراہ Dario Amodel بھی رونق بخش رہے تھے۔ چینی صدر (شی جن پنگ) کے نمائندہ (Zhang Guoqing) کو بھی وہاں دعوت دی گئی تھی اور چین کی تہلکہ خیز نئی اے آئی ایپ (Deepseek) کے سربراہ Liang Wenfeng کو بھی دعوت دی گئی مگر انہوں نے شرکت سے انکار کر دیا۔ اے آئی ایکشنامی اِس حساس ترین عالمی کانفرنس کا مقصدِ انعقاد یہ بتایا گیا ہے کہ AI کو انسانی فلاح اور انسانی سہولتوں کے لیے، اجتماعی طور پر، کیسے استعمال کیا جاسکتا ہے اور یہ کہ مصنوعی ذہانت کا ہلاکت خیز [illegible]

اربن ڈویلپمنٹ) کے ملازمین اپنے اپنے کمروں میں پہنچے اور اپنے کمپیوٹر کھولے تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان کی اسکرینوں پر ایک ویڈیو چل رہی ہے۔ اس ویڈیو میں دکھایا جارہا تھا کہ امریکی صدر [illegible]

کنفیوژن کا دھواں بھی پھیلا رہے ہیں۔ فیک ڈپلومیسی کی تازہ نشاندہی حال ہی میں ایرانی صدر، جناب مسعود پزشکیان، نے کی ہے۔

10 فروری 2025 کو ایرانی صدر، جناب [illegible]

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018

بقیہ نمبر 1

نے فوری طور پر آر ڈبلیو ایم سی کو صفائی کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر مقامی عوام نے مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم خوش ہیں کہ شازیہ رضوان نے ہمارے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات دیے۔ شازیہ رضوان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ہر گلی اور ہر گاؤں کو صاف رکھنا ہے تاکہ عوام کو صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے عوام کو ہدایت دی کہ گھروں کی چھتوں پر پانی جمع نہ ہونے دیں اور پانی کی ٹینکیوں کو ڈھانپ کر رکھیں تاکہ ڈینگی سے محفوظ رہا جا سکے۔

بقیہ نمبر 2

بیان کے مطابق صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ بیگناہ نمازیوں کو نشانہ بنانا مذموم اور گھناؤنا عمل ہے، دہشت گرد ملک و قوم اور انسانیت کے دشمن ہیں۔ انہوں نے مولانا حامد الحق حقانی و دیگر شہداء کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کیلئے بلندی درجات اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعاء کی۔

بقیہ نمبر 3

ہی منظور کر لیے گئے جب کہ حاضری میں کمی رہی اور حاضری 66 فیصد تک کم ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق پورے سال میں وزیراعظم کی حاضری 18 فیصد رہی، وزیراعظم کی اجلاسوں میں شرکت کا ریکارڈ کم رہا، قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے 62 اجلاسوں میں شرکت کی۔ رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل میں تاخیر ہوئی، کمیٹیوں کی تشکیل کے لیے 3 اپریل کی آخری تاریخ گزرنے کے باوجود کمیٹیاں نہیں بنائیں گئیں، فی ممبر قومی اسمبلی پر سال میں 37.9 ملین روپے کا خرچہ آیا یعنی قومی اسمبلی کے اجلاسوں پر ٹیکس دہندگان کے لیے 37.9 ملین روپے فی ممبر لاگت آئی۔ جائزہ رپورٹ کے مطابق اسمبلی نے ایجنڈا آئٹمز میں 49 فیصد کو مکمل نہیں کیا۔

بقیہ نمبر 4

۔انہوں نے بتایا کہ علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے، بم ڈسپوزل یونٹ اور سی ٹی ڈی کی ٹیمیں جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر رہی ہیں۔ دوسری جانب نوشہرہ دھماکے کے بعد کوئٹہ میں جان محمد جدون روڈ کی قریب دھماکا ہوا ہی جس کے نتیجے میں نو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس اور ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئیں، پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ نوشہرہ میں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے سے متعدد افراد زخمی و مولانا حامد الحق سمیت 4 افراد شہید ہوگئے ہیں

بقیہ نمبر 5

سب پریشر کے ساتھ گیس فراہم کی جا سکے۔ صارفین کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ گیس فراہمی یا کم پریشر سے متعلق شکایات سوئی ناردرن کی ہیلپ لائن 1199 پر درج کروائیں۔

بقیہ نمبر 6

پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخواہ کی تنظیم کی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) نواز شریف سے ملاقات ہوئی جس میں اے این پی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات زاہد خان کا مسلم لیگ)ن (میں شامل ہونے کا اعلان کیا اور نواز شریف کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ زاہد خان نے کہا کہ نواز شریف کا نظریہ اور پروگرام ہی پاکستان اور خیبر پختونخوا کے عوام کو مسائل سے نجات دلوا سکتا ہے، انہوں نے خیبر پختونخوا کے عوام کو دہشت گردی سے نجات دلوا کر سکون لوٹایا۔ انہوں نے کہا کہ لواری ٹنل جیسا منصوبہ جو کہ سفید ہاتھی بن چکا تھا اسے نواز شریف نے مکمل کروایا۔ نواز شریف نے زاہد خان کی مسلم لیگ)ن(میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے خوش آمدید کہا اور بولا کہ زاہد خان منجھے ہوئے سیاسی کارکن ہیں، ان کی شمولیت سے مسلم لیگ)ن(کی طاقت میں اضافہ ہوگا۔ نواز شریف نے کہا کہ جب بھی ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوا اسے سیاسی بحرانوں میں دھکیلا گیا، پاکستان کی ترقی کا سفر اس وقت تک مکمل نہیں ہوگا جب تک تمام صوبے اس میں شریک نہ ہوں۔ اے این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات زاہد خان مسلم لیگ)ن(میں شامل ہو گئے۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ترقی کا سفر اس وقت تک مکمل نہیں ہوگا جب تک تمام صوبے اس میں شریک نہ ہوں۔

بقیہ نمبر 7

صف زرداری سے وفاقی وزیر محسن نقوی کی بھی ملاقات کا امکان ہے، ملاقاتوں میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا، ملاقات میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر بھی موجود ہوں گے، پنجاب میں پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کیلئے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ آصف زرداری سے گزشتہ دورہ لاہور کے دوران پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کی تنظیم نے ملاقاتیں کی تھیں، اس دورے کے دوران پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے رہنماں سے ملاقاتیں ہوں گی، صدر آصف زرداری کی لاہور میں کچھ نجی مصروفیات بھی رہیں گی۔

بقیہ نمبر 8

کے مقابلے ہوئے۔ مقابلوں میں فرسٹ سیکنڈ آنے والی ٹیموں کو شیلڈیں پیش کی گئی لیفٹیننٹ ریٹائرڈ اسفندیار کو چیف گیسٹ کی سونیر پیش کی گئے مہمان خصوصی چوہدری عمران رضا ایکس چیرمین میونسپل کمیٹی شورکوٹ، مہمان خصوصی۔ چوہدری غلام شبیر طاہر چیئرمین و چیف ارگنائزر مرکزی انجمن تاجران شورکوٹ، صدر نیشنل پریس کلب شورکوٹ رجسٹرڈ کو بھی شیلڈ پیش کی گئی محمد حبیب ڈھکو تحصیل سپورٹس افیسر کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے شورکوٹ میں ایک خوبصورت جشن بہاراں کا انعقاد کروا کر طالبات کے ٹیلنٹ کو نکھارا اور ان کو موقع دیا کہ طالبات کے اندر بھی اگے بڑھنے کا جذبہ ہے اور شورکوٹ کی طالبات نے یہ ثابت کر گیا کہ ہر کھیل میں اپنا نام پیدا کر سکتے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ اسفندیار نے کہا کہ شورکوٹ کی بچیوں نے اج یہ ثابت کردیا ہے کہ ان کے اندر بھی بہت ٹیلنٹ ہے ہر فیلڈ میں مقابلہ کر سکتی ہیں اسسٹنٹ کمشنر نے طالبات کی کارکردگی کو سراہا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ ماہانہ کی بنیاد پر سپورٹ کمپلیکس میں ان ڈور گیمز کرائی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 9

پنجاب کی 43 جیلوں میں بجلی اور گیس کا سالانہ بل ساڑھے 4 ارب تک پہنچ چکا ہے، تمام 43 جیلوں کی مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقلی کی کل لاگت ایک سال کے بلوں سے بھی کم ہے۔ این آر ٹی سی کے مطابق پنجاب کی تمام جیلوں کو 4 ارب 35 کروڑ روپے کی لاگت سے شمسی توانائی پر منتقل کیا جاسکتا ہے، گرین انرجی کے مجوزہ حل پر مرحلہ وار عملدرآمد سے بجلی کے بلوں میں 60 فیصد کمی آئے گی اور شمسی توانائی پر منتقلی سے 3 سالوں میں تمام سرمایہ کاری کی واپسی کے ساتھ طویل مدتی مالی ریلیف ملے گا اور پنجاب کی جیلیں توانائی میں خود کفیل ہوں گی جس سے خزانے پر بوجھ کم ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کا کہنا ہے کہ گزشتہ برسوں میں بجلی اور گیس کے بلوں میں ریکارڈ اضافے کے باعث گرین انرجی پر منتقلی کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس سلسلے میں پنجاب کی تمام جیلوں کو شمسی توانائی پر منتقلی کا پلان صوبائی کابینہ کو پیش کرنے کی درخواست کر دی ہے۔ منصوبے کے لئے جاری مالی سال کے دوران 2 ارب روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 10

نظر ثانی کرے۔ جاری بیان میں ترجمان پیپلز پارٹی شازیہ مری نے یوٹیلٹی سٹورز ملازمین کی برطرفی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ طرف وزراء یقین دہانی کروا رہے ہیں کہ ملازمین کو نہیں نکالا جائے گا تو دوسری طرف چھانٹیاں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں فیصلے پر نظر ثانی کی یقین دہانی کرائی گئی، ملازمین کو برطرف، یوٹرن لینے سے حکومتی ساکھ شدید متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف وفاقی کابینہ میں وزرا کی فوج بھرتی کی جارہی ہے اور دوسری طرف غریب ملازمین سے روزگار چھینا جا رہا ہے، کفایت شعاری کیا صرف غریب ملازمین کیلئے ہے؟ جنہیں بیروزگار کر کے چولہے بند کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا وفاقی کابینہ میں درجنوں وزراء کی شمولیت سے قومی خزانے پر بوجھ نہیں پڑے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت عوام دشمن فیصلے پر نظر ثانی کرے، پیپلز پارٹی ہر عوام دشمن منصوبے کیخلاف ہے اور ہمیشہ مظلوم کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

بقیہ نمبر 11

گاؤں 110، بارہ ایل میں پیش آیا جہاں مقامی نمبردار مختار احمد کے بیٹوں نے اپنے مخالفین پر فائرنگ کردی جس سے گولیوں کی زد میں آکر 2 سگے بھائی محمد عرفان اور محمد رحمان موقع پر ہی جاں بحق جبکہ انکا تیسرا بھائی عمران زخمی ہوگیا، فریقین آپس میں پڑوسی بتائے جاتے ہیں جن کے مابین گزرگاہ کا تنازعہ چلا آرہا تھا، نعشیں اور زخمی تحصیل ہسپتال منتقل کردیئے گئے ہیں، ڈی ایس پی تاثیر ریاض چیمہ کے مطابق تین ملزم علی حسن، علی رضا اور علی حسین بھی آپس میں حقیقی بھائی ہیں جنہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 12

کی سماعت کی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب عدالت میں پیش ہوئے، پنجاب حکومت نے رپورٹ جمع کرانے کیلئے عدالت سے وقت مانگ لیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے استدعا کی کہ رپورٹس کیلئے کچھ وقت درکار ہے، جس پر عدالت نے کیس کی سماعت 2 ہفتوں کیلئے ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ ضمانت منسوخی کی اپیلیں پنجاب حکومت کی جانب سے دائر کی گئی تھیں۔

بقیہ نمبر 13

کھڑے کھڑے چند منٹ میں چارج ہوجائیگی۔ اے آر ٹی میں مسافروں کیلئے فاسٹ چارجنگ، وائی فائی، مانیٹرنگ کیمرے اور دیگر سہولیات میسر ہونگی، یہ روایتی فیول کی بجائے مکمل سولرائزڈ ٹرانسپورٹ سسٹم ہوگا۔ پہلے مرحلے میں لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ و دیگر شہروں میں اے آر ٹی سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔ تین مراحل میں دس دس شہروں میں نیا ٹرانسپورٹ سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔ اے آر ٹی سسٹم کے ساتھ ہر شہر میں فیڈر بسیں بھی چلائی جائیں گی۔ وزیراعلی مریم نواز نے اجلاس میں کہا آٹو میٹڈ ریپڈ ٹرانسپورٹ پنجاب بھر میں 4 سال میں مکمل کرنا چاہتے ہیں۔ جدت کا ٹچ دینے کیلئے ہر شہر میں نیا ٹرانسپورٹ سسٹم ضروری ہے۔ ہر شہر میں اینڈ ٹو اینڈ سسٹم متعارف کرانا چاہتے ہیں۔ اے آر ٹی سسٹم چھوٹے شہر میں رہنے والوں کا بھی حق ہے محرومیاں دور کرنا چاہتے ہیں۔ جدید ٹرانسپورٹ سسٹم سے لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوگا۔

بقیہ نمبر 14

امریکی صدر نے چین پر اضافی 10 فیصد ٹیرف نافذ کرنے کا اعلان کیا ہے جو 4 مارچ سے نافذ العمل ہو گا۔ غیرملکی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی ٹیرف کے اعلان پر چینی وزیر برائے کامرس نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے چینی وزارت تجارت نے اپنے بیان میں کہا کہ چینی برآمدات پر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ ٹیرف کی مخالفت کرتے ہیں۔ چینی وزارت تجارت نے کہا امید ہے امریکا ایسی غلطی کرنے سے گریز کریگا اور اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کے راستے پر آئیگا۔ واضح رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ماہ بھی کینیڈا اور میکسیکو سے درآمد اشیا پر 25 فیصد اور چینی اشیا کی درآمدات پر 10 فیصد ٹیرف لگانے کا اعلان کیا تھا مگر بعدازاں انہوں نے کینیڈا اور میکسیکو کی درآمدات پر لگایا گیا ٹیرف واپس لے لیا تھا۔

بقیہ نمبر 15

بھی کوئی پیکا لگے گا؟ کراچی اجڑا ہوا شہر ہے، یہاں منصوبے 10، 10 سال میں مکمل نہیں ہو پاتے، کرپشن اور نااہلی کے امتزاج کا نام حکومت سندھ ہے، 26 ویں ترمیم مجرمانہ عمل ہے، عوام کے ٹھکرائے مسلط کردہ لوگ بوجھ ہیں۔

بقیہ نمبر 16

سازوسامان چھوڑا، جواب طالبان کے کام آرہا ہے، ہمیں اسے واپس لینا ہوگا۔ انہوں نے افغانستان سے 2021 میں ہونے والے امریکی انخلا کو ناقص قرار دیتے ہوئے جو بائیڈن کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایا اور کہا کہ امریکا کو بگرام ایئر بیس پر اپنا کنٹرول برقرار رکھنا چاہیے تھا اور اس کا نقصان اب واضح ہو رہا ہے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے بھی اس معاملے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ بائیڈن انتظامیہ کی اس انخلا میں ناکامیوں کے ذمہ دار افراد کو جوابدہ ٹھہرایا جائے گا۔ امریکی وزارت دفاع کی رپورٹ کے مطابق 2021 سے 2025 تک امریکا نے افغانستان کی قومی دفاعی فورسز کو 18.6 ارب ڈالر کا فوجی سازو سامان فراہم کیا، جس میں طیارے، اسلحہ، گاڑیاں اور مواصلاتی نظام شامل تھا۔

بقیہ نمبر 17

سمیت صوبہ بھر کے تھیٹروں کی ای مانیٹرنگ شروع کر دی گئی ہے۔ مانیٹرنگ سینٹر لاہور میں پکار کا ہیڈ آفس شادمان میں بنایا گیا ہے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل تنویر ماجد کا کہنا ہے کہ پنجاب بھر کے تھیٹرز میں ای مانیٹرنگ شروع کردی گئی ہے، فحاشی وعریانی اور ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ پنجاب آرٹس کونسل ہیڈ آفس لاہور میں میڈیا بریفنگ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل تنویر ماجد نے کہا کہ تمام تھیٹرز مالکان نے اپنے بیان حلفی لکھ کردے دیے ہیں، سب کو ڈرامہ ایکٹ اور ایس او پیز سے متعلق پابند کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں عید پر پنجاب بھر ڈراموں کی سخت ترین مانیٹرنگ کی۔ فیصلہ کیا گیا ہے، ای مانیٹرنگ کے بعد خلاف ورزی پر نوٹسز دینے کا بھی سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پنجاب آرٹس کونسل کے ہیڈ آفس شادمان میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جبکہ آئندہ ڈراموں کی گانوں کی بجائے مکمل ڈرامے کی فل ڈریس ریہرسل کو مانیٹر کیا جائے گا، کوشش ہوگی تھیٹر کو اس کی اصل شکل میں بحال کیا جائے۔

بقیہ نمبر 18

انہوں نے کہا کہ ایک شخص جیل میں بیٹھا عوام کی جنگ لڑ رہا ہے، ہمیں فیئر ٹرائل کا حق تک نہیں دیا جارہا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کی حق وسچ کی آواز دبانے کیلئے پیکا ایکٹ مسلط کردیا گیا ہے، یہ لوگ اپوزیشن کے الائنس سے بھی گھبرائے ہوئے ہیں، گھبرانے کی وجہ تو بتائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران مان لیں کہ وہ ہار گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

کے تھانے میں بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سمیت دیگر 1200 نامعلوم افراد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل گرفتاری پیش کرنیکے لئے وڈھ تھانہ پہنچے تاہم پولیس نے انہیں حراست میں لینے سے معذرت کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار اختر مینگل نے کہا کہ مجھ سمیت بارہ سولوگوں پر 9 ایف ائی آریں درج کی گئی ہیں، ان میں بچوں سمیت ان لوگوں کے نام بھی شامل ہیں جو اب اس دنیا میں نہیں ہیں۔ اختر مینگل نے کہا کہ افسوس ایف آئی آر میں بچوں اور خواتین کے نام بھی درج کیے گئے ہیں۔ میں گرفتاری دینے پہنچا تو نہ یہ گرفتار کررہے ہیں اور نہ ہی ایف آئی آر واپس لے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جھوٹ پر مبنی ایف ائی ار درج کر کے دھمکانے کی کوششیں ناکام ہے، جس میں یہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔

بقیہ نمبر 20

شہباز شریف نے وفاقی کابینہ میں شمولیت اختیار کرنیوالے نئے وزراء ومشیروں کیلئے ناشتے کا اہتمام کیا، اس موقع پر ملاقات میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے نئے کابینہ اراکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب کا انتخاب آپ کی قابلیت اور صلاحیتوں کی بنیاد پر کیا گیا ہے، ہم سب اللہ تعالی اور عوام کی عدالت میں جواب دہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال کے عرصے میں مہنگائی میں خاطر خواہ کمی ہوئی، زرمبادلہ ذخائر اور ترسیلات زر میں اضافہ ہوا، معاشی اعشاریئے آئندہ سالوں میں مزید بہتر بنانے کیلئے انتھک محنت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام وفاقی وزراء اور کابینہ کے دیگر ارکان کی کارکردگی کا باقاعدہ اور متواتر جائزہ میں خودلوں گا، عوامی نمائندوں کے طور پر آپ سب کی خدمات لائق تحسین ہیں۔ اس موقع پر وفاقی کابینہ ارکان نے ملکی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے فعال کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا، شرکا نے حالیہ معاشی ترقی پر وزیراعظم کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ نمبر 21

جو طلبہ کی بااثر تنظیم (ایس اے ڈی) کے سرکردہ اراکین رہے ہیں۔ اسی تنظیم نے ملک گیر احتجاج کی قیادت کی تھی، جس کے نتیجے میں سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا تھا۔ خبرایجنسی اے ایف پی کے مطابق بنگلہ دیش میں سیاست ہمیشہ سے سخت تنازعات کا شکار رہی ہے۔ دیگر طلبہ گروپس نے ایس اے ڈی کے ان رہنماں پر انقلاب کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کیا تھا۔ نئی تنظیم کے اعلان کے موقع پر نمائندگی کے مسئلے پر اختلافات شدت اختیار کر گئے، جس کے نتیجے میں طلبہ کے مختلف گروہوں کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئیں۔ ایس اے ڈی کے دیگر رہنما، جن میں وہ اراکین بھی شامل ہیں جو شیخ حسینہ کے فرار کے بعد بننے والی عبوری حکومت کا حصہ بنے، متوقع طور پر جمعہ کو ایک الگ سیاسی جماعت کا اعلان کریں گے۔ نئی طلبہ جماعت میں ان طلبہ کو بھی شامل کیا گیا ہے جو پہلے حسینہ کی عوامی لیگ کے یوتھ ونگ سے منسلک تھے۔ تاہم تنظیم کے رہنما زاہد احسن نے واضح کیا کہ پارٹی میں شامل کیے گئے افراد میں کوئی بھی انقلابی تحریک کے دوران قتل عام یا تشدد میں ملوث نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم طلبہ کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔ یہ تنظیم اس عوامی تحریک کی روح کو برقرار رکھنا چاہتی ہے جس نے حسینہ کی آمرانہ حکومت کا خاتمہ کیا۔ شیخ حسینہ اس وقت خود ساختہ جلاوطنی میں بھارت میں مقیم ہیں اور ان کے خلاف ڈھاکہ میں انسانیت کے خلاف جرائم سمیت مختلف الزامات میں وارنٹ گرفتاری جاری کیا جا چکا ہے۔ رواں ماہ کے دوران مختلف حریف طلبہ گروپوں کے درمیان تصادم میں 150 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ دریں اثنا نوبل انعام یافتہ ماہر اقتصادیات اور مائیکرو فنانس کے بانی محمد یونس جو عبوری حکومت کے سربراہ ہیں، اعلان کر چکے ہیں کہ عام انتخابات 2025 کے آخر یا 2026 کے اوائل میں منعقد ہوں گے۔ حسینہ کی دیرینہ سیاسی حریف، بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی (کے بارے میں توقع کی جا رہی ہے کہ ان انتخابات میں غالب حیثیت حاصل کرے گی۔

بقیہ نمبر 22

ساڑھے 11 سے 12 بجے تک کا وقفہ کیا جائے گا، 12 بجے سے ڈیڑھ بجے تک دوبارہ کیسز کی سماعتیں ہوں گی۔ جمعہ کے روز ساڑھے 9 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک کیسز کی سماعتیں ہوں گی، اسلام آباد ہائیکورٹ میں دفتری اوقات کار 9 بجے سے 30:2 بجے تک ہوں گے، جمعہ کے روز 9 بجے سے ساڑھے 12 بجے تک دفتری اوقات کار ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں صبح 9 بجے سے 30:2 بجے تک کیسز سنے جائیں گے، ڈسٹرکٹ کورٹس میں جمعہ کے روز صبح 9 بجے سے 30:12 بجے تک کیسز کی سماعت ہوگی۔

بقیہ نمبر 23

لینے جانے والی خاتون کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ ایف آئی آر کے مطابق شاہدرہ میں ملزم نے کپڑے کی سلائی کا کام سیکھنے والی خاتون کو زیادتی کا نشانہ بنایا، ملزم ریاض نے اپنی بیوی کی غیر موجودگی میں خاتون کو پسٹل دکھا کر زیادتی کا نشانہ بنایا اور ویڈیو بنا کر بلیک میل کر کے 50 ہزار بھی ہتھیا لیے۔ برکی میں ملزم نے جواں سالہ لڑکی کو ڈیڑھ ماہ قبل زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا ملزم مرتضی نے زیادتی کا نشانہ بنا کر بلیک میل کرنا شروع کر دیا۔ پولیس کے مطابق سٹی رائیونڈ میں 11 سال کی بچی سے 3 دن قبل زیادتی کی گئی، ملزم چاند نے ساتھی عثمان کے ساتھ ملکر بچی کے ساتھ زیادتی کی۔ کوٹ لکھپت میں ملزم نے شادی کا جھانسہ دے کر مطلقہ خاتون کو جنسی درندگی کا نشانہ بنا ڈالا، ملزم اسلم نے خاتون کو اس کے شوہر سے طلاق دلوا کر شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گزشتہ روز زیادتی کے واقعات کی ایف آئی آر درج کی گئی، ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 24

درج کر لیا گیا ہے۔ مریض کی موت کے بعد اہل خانہ نے رات ایک بجے ہسپتال کے باہر احتجاج شروع کیا جو کئی گھنٹوں تک جاری رہا جس کے بعد تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ این ڈی ٹی وی کے مطابق شوراج کمار مشرا کا کہنا ہے کہ ان کے دادا شیورام مشرا کو سینے میں تکلیف کے باعث شام ساڑھے چار بجے سنجے گاندھی ہسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ انہیں ایمرجنسی وارڈ میں لے جایا گیا جہاں ڈاکٹر سنجے دوویدی نے کچھ ٹیسٹ کرانے کو کہا۔ شوراج مشرا کا کہنا ہے کہ "ٹیسٹ کے بعد ہمیں بتایا گیا کہ رگوں میں کچھ مسئلہ ہے۔ اس کے بعد ڈاکٹر دوویدی، ڈاکٹر ستیندر رتیواری اور ڈاکٹر اپوروا مشرا دادا آپریشن تھیٹر لے گئے۔ وہاں مناسب انتظامات نہیں تھے، لوگ آکسیجن سلنڈر اور دستانے بھاگ بھاگ کر لا رہے تھے۔ ڈاکٹر سنجے دوویدی مکمل طور پر نشے میں تھے۔" مریض کی موت کے بعد اہل خانہ کے احتجاج پر ڈاکٹر سنجے دوویدی ہسپتال سے فرار ہو گئے۔ شیورام مشرا کے بیٹے کی جانب سے شکایت درج کرائی گئی، جس کے بعد [illegible] پولیس نے تین ڈاکٹروں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی، جبکہ ان کے ایک اور ساتھی ڈاکٹر پرشانت دوویدی پر بھی لاپرواہی برتنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

شبلی فراز نے کہا کہ ہم پر قائم تمام مقدمات جعلی ہیں، گزشتہ روز اپوزیشن کی قومی کانفرنس میں فسطائیت کی انتہاء کردی گئی، سیاسی و اخلاقی طور پر یہ اتنے کمزور ہیں کہ ایک کانفرنس نہیں ہونے دیتے۔ انہوں نے کہا کہ کل وزیروں کا ایک جھرمٹ حکومت میں شامل کیا گیا، ایسے لوگوں کو نوازا گیا جنہوں نے اپنے ضمیر کو بیچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 40 ارب روپے سے زائد کا سرمایہ اس ملک سے چلا گیا، ایسی صورت حال میں نقصان صرف عوام کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام دیکھ رہے ہیں ملک میں کیا سرکس جاری ہے، حکمرانوں کے پاس ملک کی بھلائی کیلئے کوئی منصوبہ نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 26

سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے سید معظم علی شاہ ایڈووکیٹ نے دلائل دیئے۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ جوینائل ایکٹ کی دفعہ 10 پر عملدرآمد نہیں ہورہا، پنجاب میں نابالغ قیدیوں کے ٹرائل تاخیر کا شکار ہیں، نابالغ قیدیوں کے زیرالتوا کیسز کی تفصیلات معلوم نہیں، سیشن جج جوینائل جسٹس سسٹم کی ہر ماہ میٹنگ کے پابند ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے استدعا کی کہ عدالت جوینائل ایکٹ کی دفعہ 10 پر عملدرآمد کا حکم دے، لاہور ہائیکورٹ نابالغ قیدیوں کے کیسز کی تفصیلات طلب کرے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے صوبہ بھر کی جیلوں میں قید کم عمر ملزمان کی تفصیلات کیلئے دائر درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر فریقین سے 29 اپریل کو جواب طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 27

دینا چاہیے ہمارا حکام بالا سے مطالبہ ہے اس تمام صورتحال کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور کسی ایکٹیو بندے کو ڈی ڈی ایچ او گوجر خان لگایا جائے جو باہر فیلڈ میں نکلے نہ کہ دفتر میں بیٹھ کر تنخواہ لے۔

بقیہ نمبر 28

ضیاء علی نوناری اور مددگار کشمور پولیس نے ڈاکی نگری پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جوئے کے اڈے پر چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران پولیس نے موقع سے جوئے میں لگی رقم 21500 برآمد کرلی اور پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کی تفصیل درج ذیل ہے 1- عبدالرزاق چاچڑ ولد جھنگل 2- تلسی داس ولد عمر لال 3- اللہ ڈنو ولد غوث بخش سولنگی 4- علی نواز ولد فقیر بخش مزاری 5- عبدالرسول ولد قمرالدین گرفتار ملزمان کے خلاف تھانہ کشمور میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، اور مزید قانونی کارروائی جاری ہے ایس ایس پی کشمور زبیر نظیر احمد شیخ نے اس کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو سراہتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 29

کرائم میٹنگ میں شرکت ہوئی، میٹنگ میں آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز میں کرائم کنٹرول، ملزمان کی گرفتاری، ریکوری پوزیشن، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق میٹنگ میں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد میں نئے تعینات ہونے والے آر پی او اور سی پی او کرائم کنٹرول کے لئے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، سنگین جرائم کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاری اور چالاننگ کی شرح بہتر بنائیں، رمضان المبارک کے دوران مساجد، عبادت گاہوں، مارکیٹوں اور شہریوں کی سکیورٹی یقینی بنائی جائے، انہوں نے شیخوپورہ ریجن کو کرائم کنٹرول کے لئے کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت بھی کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا ڈی پی اوز، سی ایم کمپلینٹس، ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن پر شکایت کنندگان سے خود رابطہ کرکے فیڈ بیک لیں، بلائنڈ مرڈر، خواتین اور بچوں سے زیادتی و دیگر سنگین کیسز کے حل پر فوکس کریں، خواتین اور بچوں سے زیادتی کے کیسز میں تفتیشی افسران ڈی این اے لازمی کروائیں، لائن آف انکوائری کو فالو کریں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا مزید کہنا تھا اینٹی ریپ ایکٹ ٹریننگ ماڈیول کے تحت اپریل میں تفتیشی افسران کا تربیتی کورس کروایا جائے گا، جنسی جرائم کے تشکیل کردہ ڈیٹا رجسٹر کے ذریعے مجرمان کی ریگولر سرویلنس یقینی بنائیں، اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے ٹاسک لسٹ کے ذریعے گرفتاری کے اہداف دیں۔ ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن اظہر اکرم، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر، اے آئی جی آپریشنز اور اے آئی جی مانیٹرنگ اجلاس میں موجود تھے۔

بقیہ نمبر 30

ڈی آئی خان، تین کیس سندھ کے علاقوں، بدین، لاڑکانہ اور قمبر جبکہ ایک پنجاب کے ضلع منڈی بہاؤ الدین رپورٹ ہوا ہے۔ حکام کے مطابق گزشتہ سال 2024ء میں کل 74 کیسز رپورٹ ہوئے تھے، ان میں سے 27 کا تعلق بلوچستان، 22 کا خیبر پختونخوا، 23 کا سندھ، ایک پنجاب اور ایک اسلام آباد سے تھا۔

بقیہ نمبر 31

طبقہ مل کر کام کرتا ہے، وزیراعظم نے بھی سندھ کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں کو سراہا ہے، چاہتے ہیں حکومتیں اور سرمایہ کار مل کر کام کریں تاکہ عوام کو سہولتیں میسر ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ متعارف کرا رہے ہیں، سندھ کے پبلک پرائیویٹ ماڈل کی دنیا بھر میں پذیرائی ہوئی ہے، خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے پنک سکوٹر پروگرام سکیم لا رہے ہیں، آغاز ایک ہزار سکوٹیز سے کیا جارہا ہے، خواہش ہے تعداد ایک کروڑ ہوجائے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت نے دو لاکھ سولر پینل فراہم کیے، 21 لاکھ گھر بنائے جارہے ہیں جن میں سے ساڑھے سات لاکھ گھر بن چکے ہیں، ماہانہ 50 ہزار گھر تعمیر ہورہے ہیں، ہم ہاؤسنگ پراجیکٹس میں دنیا کا ریکارڈ توڑیں گے، ان گھروں کی تعمیر کیلئے ایک لاکھ افراد کو تربیت فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سرمایہ کاری کیلئے شاندار جگہ ہے، بڑی تعداد میں چینی سرمایہ کار پاکستان آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت ون ونڈو سہولت دینے کا عزم رکھتی ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ذہنی طور پر پیکا کی سپورٹ نہیں کرتا، لیکن جھوٹ پھیلانے کی سزا ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ فیک نیوز کے خاتمے میں میڈیا کو کردار ادا کرنا ہوگا، میڈیا بریکنگ اور لال ڈبوں کے چکر میں خبر دیتا ہے یہ جانے بغیر کہ اس کے اثرات کیا ہوں گے، کوئی یوٹیوب پر غلط خبر دیتا ہے یا الزام لگاتا ہے تو اسے سخت سزا ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب، خیبر پختونخوا بلوچستان سب ملک کے حصے ہیں، جہاں اچھا کام ہو اس کی تعریف کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں کوئی کشیدگی نہیں بھلے سیاسی اختلافات کیوں نہ ہوں، ہمیں پاکستان کی معیشت کو بہتر کرنے پر توجہ دینا ہوگی، اگر ہم مل کر کوشش کریں تو ملک میں سیاسی استحکام لاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مقامی و بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 32

بھٹو وزیراعظم کے نعرے بھی لگوائے۔ دریں اثنا گورنر ہاس لاہور میں پہلی مرتبہ ہونیوالی وائس چانسلرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سلیم حیدر خان نے کہا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں انہیں اعلی تعلیم کے ساتھ ساتھ پرامن اور سازگار ماحول فراہم کرنا ادارے کی ذمہ داری ہے، یونیورسٹیوں میں ہراسگی اور ڈرگ کے خلاف عدم برداشت کی پالیسی ہونی چاہئے۔ کانفرنس میں سرکاری جامعات کے 35 سے زائد وائس چانسلرز شریک تھے۔

بقیہ نمبر 33

کرتے ہوئے فواد چودھری نے کہا کہ وفاقی حکومت نے رمضان المبارک میں شہریوں کو آسانیاں و سہولیات فراہم کرنے کی بجائے 50 وزیر بنا دیئے، امریکہ اپنی کابینہ چھوٹی، ہم بڑی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چل نہیں رہی گھسٹ رہی ہے، یہ الیکشن ہار گئے، دھاندلی ہی ان کے پاؤں کی بیڑیاں ہیں، ہر طبقے سے یہ حکومت بلیک میل ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت حالات سے فائدہ نہیں اٹھارہی، گرینڈ الائنس بنانے میں بھی یہ ابھی تک ناکام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سٹریٹ پاور مولانا فضل الرحمن اور پی ٹی آئی کے پاس ہے، نااہل اپوزیشن اور حکومت کے درمیان عوام پھنسے ہوئے ہیں، موجودہ پی ٹی آئی عہدیداروں کا کوئی سیاسی بیک گراونڈ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلیز عمران خان موومنٹ شروع کرنے جارہے ہیں، میں 28 مقدمات کا سامنا کر رہا ہوں، حالات پہلے اور اب بھی ہمارے لئے خراب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سے مل کر موومنٹ چلانے کی اجازت لیں گے اور اگر ملاقات نہ ہوسکی تو خود ایکشن لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتقام کے کلچر کو ختم کریں، عمران خان کا باہر آنا تحریک کے ذریعے ممکن ہے، مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی کو کہتا ہوں انتقام کا کلچر ختم کریں، اسی طرح ہی سیاسی ٹمپریچر نیچے آ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 34

شادیاں ہورہی ہیں، یہ مائنڈ سیٹ کی وجہ سے ہے یہ سب سے بڑا چیلنج ہے، قوانین پر عملدرآمد بہت ضروری ہے، وزیر اعظم کی معاون برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم نے اپنے خطاب میں کہا موسمیاتی تبدیلی کا مسئلہ خواتین کی مشکلات کو مزید بڑھا رہا ہے اور خاص طور پر دیہی علاقوں میں خواتین اس کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہورہی ہیں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا انتہائی اہم ہے۔

بقیہ نمبر 35

میں پولیس ٹیم نے کشمور شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ کا عمل انجام دیا۔ چیکنگ کے دوران جدید ٹیکنالوجی اور "تلاش" ایپ کے مؤثر استعمال کے ذریعے 03 مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا، جبکہ متعدد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے، تاکہ علاقے میں امن وامان کو یقینی بنایا جاسکے۔ ایس ایس پی کشمور نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ کشمور پولیس جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم کے خاتمے کے لیے ہرممکن اقدامات کر رہی ہے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنی خدمات بغیر کسی تعطل کے جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 36

عباس (جھنگ) نے شرکت کی سپورٹس گالا میں ڈویژن فیصل آباد کی چاروں اضلاع کی ٹیموں نے فیصل آباد کے پولو گراونڈ اور سپورٹس کمپلیکس میں آپنے آپنے فن کے جوہر دیکھائے چاروں اضلاع کی ٹیموں کے مابین بیڈ منٹن، کرکٹ، والی بال کے میچ کھیلے گئے۔ اس تقریب میں رسہ کشی کا مقابلہ بھی شامل کیا گیا، جس نے حاضرین کی دلچسپی کو مزید بڑھا دیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈویژنل ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر میاں محمد اشفاق نے کھیلوں میں حصہ لینے والے ریسکیورز کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کھیلوں کو ٹیم ورک، جسمانی اور نفسیاتی صحت کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا اور ریسکیورز کی فٹنس برقرار رکھنے کیلئے کھیلوں کی سرگرمیوں کو جاری رکھنے پر زور دیا۔ اوران کا مزید کہنا تھا کہ کھیل فزیکل فٹنس کو برقرار رکھنے کیلئے بہت ضروری ہیں اور ریسکیورز کو اس سے جسمانی فٹنس بہتر کرنے کا موقع بھی ملتا ہے۔ آخر میں جھنگ کرکٹ ٹیم کو بہترین کارکردگی دیکھانے اور فاتح ہونے پر ٹرافی پیش کی گئی اور باقی بھی اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں اور جیتنے والی ٹیموں کو مبارکباد دی اور تعریفی سٹیفکیٹ، انعامی ٹرافیاں تقسیم کی گئیں

بقیہ نمبر 37

ممالک کے درمیان کئی دہائیوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ خبرایجنسی اے ایف پی کے مطابق 1991 میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے کرغزستان اور تاجکستان کے درمیان سرحدی علاقوں میں پانی اور وسائل کے حصول پر وقفے وقفے سے خونی جھڑپیں ہوتی رہی ہیں جن میں متعدد افراد ہلاک اور دیہات کے دیہات اجڑ چکے ہیں۔ گزشتہ دسمبر میں دونوں ممالک نے سرحد کی حد بندی کے معاہدے کا اعلان کیا تھا تاہم اس وقت تک علاقائی تبادلے کی تفصیلات ظاہر نہیں کی گئی تھیں۔

بقیہ نمبر 38

ئی بڑی کارروائی سامنے نہ آسکی، مختلف پرائیویٹ ہسپتال پی ایچ سی کے بنائے گئے قوانین کو روندنے لگے، پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن اور ڈی ڈی ایچ او گوجرخان کی عطائیوں کو کھلی چھوٹ ارباب اختیار نوٹس لیں، اہل علاقہ کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق سالہا سال گزرنے کے بعد آہستہ آہستہ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن اور ڈی ڈی ایچ او گوجرخان نے گوجرخان میڈیکل فیلڈ کو کھلا چھوڑ دیا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں جس وجہ سے علاقہ میں عطائیت گھر کر چکی ہے تحصیل بھر میں سینکڑوں میڈیکل سٹورز میں سے اکثریتی قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب متعدد بغیر فارماسسٹ کے چلائے جا رہے ہیں علاقہ میں موجود 99 فیصدی لیبز کی ٹیسٹ رپورٹ ایک دوسرے سے الگ جسکی بنیادی وجہ اکثریتی لیبز بغیر پیتھالوجسٹ کے چلائی جا رہی ہیں، گلی محلوں چھوٹی بڑی شاہراہوں پر عطائی ڈاکٹرز نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں ہومیو پیتھک بشکل لائسنس ہولڈرز ایم بی بی ایس ایلو پیتھک ڈاکٹرز کی پریکٹس میں مصروف ہیں، شہریوں نے حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ گوجرخان میں موجود تمام میڈیکل سٹورز کے لائسنس کیٹگریز اور ادویات کوٹے کو چیک کیا جائے اور بغیر لائسنس وفارماسسٹ کام کرنے والے میڈیکل سٹورز بند کیے جائیں، لیبز کولیکشن سنٹر ہونے کے باوجود ڈمی رپورٹیں بنا کر شہریوں کو ٹھگنے میں مصروف ہیں ڈاکٹرز و پیتھالوجسٹ کی عدم موجودگی میں کام کررہی تمام لیبز سیل کی جائیں اور علاقہ میں جتنے بھی عطائی ڈاکٹر و حکیم موجود ہیں انکے خلاف ایف آئی آرز درج کرکے انکوائری سے کڑی سزا دی جائے تاکہ شہریوں کی جان ومال محفوظ بن سکیں۔

بقیہ نمبر 39

سوگ میں بتلا کردیا۔ یہ واقعہ مدھیہ پردیش اور اتر پردیش کی سرحد پر واقع مہوبا ضلع کے مدھاراگاں میں پیش آیا۔ متاثرہ نوجوان کو فوری طور پر ضلع ہسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ نیوز 18 کے مطابق نوجوان کے والد تھووشوکرما نے بتایا کہ ان کی بیٹی کی شادی تھی اور رخصتی کی تیاریاں کی جارہی تھیں کہ یہ حادثہ ہوگیا۔ ان کا بیٹا خیمہ ہٹاتے ہوئے غلطی سے 11 ہزار وولٹ کی ہائی ٹینشن بجلی کی تار کو چھو بیٹھا۔ کرنٹ لگتے ہی وہ موقع پر بے ہوش ہوگیا۔ اہل خانہ نے فوراً اسے مہوبا ضلع ہسپتال پہنچایا مگر وہ علاج کے دوران دم توڑ گیا۔ اس دردناک حادثے نے شادی کی تقریب کو ماتم میں بدل دیا، اور دلہن سمیت تمام اہل خانہ شدید صدمے میں مبتلا ہو گئے۔

بقیہ نمبر 40

لگی آئی ہے اور گوشت کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ خبرایجنسی اے ایف پی کے مطابق ہر سال دنیا بھر کے مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر لاکھوں جانوروں کی قربانی دیتے ہیں۔ تاہم مراکش مسلسل سات سالوں سے خشک سالی سے نبرد آزما ہے، جس کے باعث گزشتہ 12 مہینوں میں مویشیوں کی تعداد میں 38 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ وزارت زراعت کے مطابق گزشتہ 30 سالوں کے مقابلے میں اس سال بارش 53 فیصد کم ہوئی ہے، جس نے زرعی شعبے اور مویشی پالنے والے کسانوں کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔ مراکش کے بادشاہ محمد ششم نے وزیر برائے مذہبی امور کے ذریعے سرکاری ٹیلی ویژن پر ایک بیان جاری کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے "ہمارا ملک ماحولیاتی اور معاشی چیلنجز کا سامنا کررہا ہے، جس کے نتیجے میں مویشیوں کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے۔" انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس سال قربانی کا فریضہ انجام دینے سے گریز کریں۔ اس سے قبل 1966 میں بھی اسی طرح کی صورتحال میں پیدا ہوئی تھی۔ اس وقت بادشاہ محمد ششم کے والد حسن دوم کی حکومت تھی، انہوں نے ملک میں طویل خشک سالی کے دوران عوام سے قربانی سے اجتناب کرنے کی درخواست کی تھی۔ مراکش میں مویشیوں کی تعداد میں کمی کے سبب گوشت کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوا ہے، جس سے کم آمدنی والے افراد پر مزید مالی بوجھ پڑ رہا ہے، جبکہ ملک میں کم ازکم ماہانہ اجرت تقریبا 290 یورو (تقریبا 85 ہزار روپے) کے برابر پہنچ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 41

سیکرٹریٹ سٹاف کے دیگر ارکان، بابر علی، محمد حمزہ، احسان ملک، محمد فہد نفیس، فہیم فاضل، معظم رشید، محمد اویس اور دیگر نے شرکت کی اور ایم ایم علی کوان کی سالگرہ پر مبارکباد پیش کی۔ دیگر سٹاف کے ارکان کا کہنا تھا کہ ایم ایم علی ایک فرض شناس اور ملنسار انسان ہیں۔ اس موقع پر پرتکلف ہائی ٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ ایم ایم علی نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ علاوہ ازیں ایم ایم علی کی سالگرہ پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سمیت دیگر سماجی و سیاسی حلقوں کی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا اور مختلف ادبی صحافتی حلقوں کی جانب سے ایم ایم علی کو ان کی سالگرہ کے موقع پر مبارکباد کے پیغامات بھیجے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 42

توڑ گئے۔ موٹروے پولیس حکام کا کہنا تھا کہ گلاب کوچ نان اے سی مسافر بس تھی جو کراچی سے سوات جارہی تھی جس کو احتیاطی تدابیر اختیار کرکے سیدھا کر دیا گیا اور 15 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرکے ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا اور مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 43

تعارف کرانے کیلئے شہباز شریف کے نام کی ضرورت پڑتی تھی، پی ٹی آئی والے اپنے دور حکومت میں مریم نواز کو والد کے سامنے گرفتار کرنے میں مصروف تھے، پنکی اور گوگی کا رشوت کا بازار گرم تھا، ان کے دور میں ہر عہدے کا ایک ریٹ مقرر تھا۔ عظمی بخاری کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کا دور حکومت سکینڈلز سے بھرا رہا، پی ٹی آئی کے دور میں پیسے لیکر تقرر و تبادلے کئے جاتے تھے، پی ٹی آئی کے منصوبوں کا کوئی ریکارڈ نہیں، یہ منصوبے صرف سوشل میڈیا پر تھے، بانی پی ٹی آئی ان کیلئے مہاتما تھے، مہاتما نے خود کہا عثمان بزدار اپنی کارکردگی اشتہارات کے ذریعے بتائیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کے کسی اشتہار پر کوئی بڑا منصوبہ نظر نہیں آئے گا، انہوں نے اپنے دور میں تبدیلی کا پروگرام، 50 ہزار گھر، لاکھوں نوکریوں والا اشتہار چھاپا تھا، عثمان بزدار نے اپنے دور میں کچھ کر کے نہیں دکھایا، ان نالائقوں کے پاس فرصت نہیں تھی یہ مصروف تھے۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی طرف سے پنجاب حکومت کیخلاف پراپیگنڈا کیا جارہا ہے، انہوں نے 2 دن سے ایک مہم شروع کی ہوئی ہے، یہ کہہ رہے ہیں منصوبے پی ٹی آئی کے اور تختی مریم نواز کی، ڈائیلسز کا پروگرام بزدار کا نہیں شہباز شریف نے شروع کیا تھا، وزیراعلی مریم نواز نے ڈائیلسز کارڈ کیلئے 10 لاکھ روپے مختص کردیے ہیں۔ عظمی بخاری نے کہا کہ ایئر ایمبولینس کے نعرے بھی بہت بار لگے، ایئر ایمبولینس کے نعرے پرویز الہی اور عثمان بزدار نے بھی لگائے، ایئر ایمبولینس وزیراعلی مریم نواز حکومت کے پہلے 6 ماہ میں لائیں، یہ کسان کارڈ پر بھی بات کرتے ہیں، تحقیقات کے بعد پتہ چلا ان کے کسی منصوبے کی کوئی تفصیل موجود نہیں، آج کسان کارڈ پر ساڑھے 7 لاکھ سے زیادہ لوگ اربوں روپے کی خریداری کر چکے ہیں۔ عظمی بخاری کا مزید کہنا تھا کہ مریم نواز نے ایک سال میں 90 سے زائد منصوبے شروع کئے، کسان کارڈ اور دھی رانی جیسے پروگرامز عوام کی ضرورت ہیں، مریم نواز نے ایک سال میں 100 گھروں کی چابیاں لوگوں کو دیں، 10 ہزار گھر تکمیل کے آخری مرحلے میں ہیں، مریم نواز نے اپنی کارکردگی سے عوام کے دلوں میں جگہ بنائی۔

بقیہ نمبر 44

میں کہا گیا ہے کہ اس کے نتیجے میں وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو کو وسیع پیمانے پر انکوائری کرنے کے مطالبے پر دباؤ پڑسکتا ہے تاکہ سیاسی فیصلہ سازی کا تعین ہو سکے، جس کے باعث حملہ کیا گیا اور غزہ میں جنگ ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کئی اسرائیلی یہ سمجھتے ہیں کہ 7 اکتوبر کی غلطی فوج سے بالاتر تھی اور وہ نیتن یاہو پر الزام عائد کرتے ہیں کہ اس نے ناکام دفاعی حکمت عملی اپنائی، حکمت عملی کے تحت قطر کو نقد پیسوں کے سوٹ کیسز غزہ بھیجنے کی اجازت دی گئی اور حماس کے حریفوں کو الگ کیا گیا۔ اسرائیلی فوج کی تحقیقات کی بنیاد یہ ہے کہ خطے کی طاقت ور ترین اور جدید سہولیات سے آراستہ فوج نے حماس کے ارادوں کو غلط جانچا، اس کے طاقت کو نظرانداز کیا اور ہزاروں جنگجوؤں کے اچانک حملوں کی تیاری نہیں کی۔

بقیہ نمبر 45

سے ہرقسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دھماکے میں مولانا حامد الحق حقانی سمیت دیگر کی شہادت پر افسوس ہے۔ وزیراعظم نے زخمی ہونے والوں کی صحت یابی کی دعاء کرتے ہوئے انہیں ہرممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی جبکہ وزارت داخلہ سے دھماکے کے حوالے سے رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ نمبر 46

کرنے کی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ عبادت گاہ میں معصوم لوگوں کو دہشت گردی کا نشانا بنانا غیر انسانی فعل ہے، اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، دلخراش واقعہ میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ادھر بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ واقعے میں مولانا حامد الحق کی شہادت کی تصدیق ہو چکی ہے، مولانا حامد الحق ایک جید عالم دین تھے جن کی اسلام کے لیے بے پناہ خدمات ناقابل فراموش ہیں، مولانا حامد الحق کی شہادت ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔

بقیہ نمبر 47

جنہوں نے موقع پر ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کچھ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا جبکہ موقع پر قانونی کارروائی کے بعد جاں بحق خاتون کی شناخت ورثا کے حوالے کردی گئی۔ مرحومہ کی شناخت 45 سالہ ش زوجہ ارشد ساکن لاہور کے نام ہوئی جبکہ زخمیوں میں صبا اشرف، آمنہ اشرف، ہاشمی بیگم، عبیدالرحمن، عمر حیات، مختاراں بی بی، ساجدہ بی بی، سہیل عباس اور ماشااللہ بی بی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 48

یحیی آفریدی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے جی ایچ کیو حملہ کیس میں سابق وفاقی وزیر شیخ رشید کی بریت اپیل پر سماعت کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ حکومت پنجاب نے رپورٹ جمع کروائی ہے، کیس کی سماعت دو ہفتوں بعد دوبارہ ہوگی۔ عدالت نے اس کیس میں بھی پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 49

تعلق قائم کرنے کی ترغیب دینے کے الزام میں 82 مرتبہ کوڑے مارے گئے اور دوسرے مرد کو 77 مرتبہ کوڑے مارے گئے۔ رپورٹ کے مطابق دونوں مجرموں کو بانس کی چھڑی سے کوڑے مارے گئے جبکہ درجنوں افراد نے یہ منظر دیکھا۔ جبکہ عدالت کے حکم پر دونوں افراد کی سزاں میں تین مہینے کی حراست کے بدلے تین کوڑے کم کر دیئے گئے۔ یاد رہے کہ پولیس نے گزشتہ سال نومبر میں صوبے کے آچے کے ایک مکان پر چھاپہ مارا تھا جہاں دو یونیورسٹی کے طالب علم ایک ساتھ قابل اعتراض حالت میں موجود تھے، بعد ازاں انہیں جنسی تعلقات کے الزام میں شریعت پولیس کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 50

وزیراعظم کا مشیر بنائے جانے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی مرکزی عہدیداروں سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا، مجھے عہدوں کی ضرورت ہے نہ ہی کوئی وزارت چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں مسلم لیگ (ن) کہاں کھڑی ہے، اسے پارٹی کو خود دیکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست ہمیشہ مفاہمت اور مصلحت کی شکار رہی ہے لیکن مصلحت میں اپنی شناخت کو نہیں کھونا چاہئے۔ ذرائع کے مطابق اختیار ولی نے معاملے پر پارٹی کے تینوں عہدوں صوبائی ایڈیشنل سیکرٹری، چیف کوآرڈینیٹر یوتھ اور ممبری ای سی سے مستعفی ہونے پر مشاورت شروع کردی۔

بقیہ نمبر 51

دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں پر تحفظات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 8 پاکستانی امریکا سے جلاوطن ہوکر پاکستان پہنچے ہیں، ان کی شناخت کے حوالے سے ایف آئی اے اور وزارت داخلہ ہی آگاہ کرسکتی ہیں، ہم امریکا سے جلاوطن ہونیوالے پاکستانیوں کی واپسی میں سہولت فراہم کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک امریکا دیرینہ تعلقات سے جڑے ہیں، دونوں ممالک کے سفارتی سطح پر اہم تعلقات ہیں، ایف 16 پروگرام بھی ان تعلقات کا دیرینہ حصہ ہے

بقیہ نمبر 52

درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے این ایل سی نے پہلے ہی سے سوست ڈرائی پورٹ پر تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں جن کی بدولت تجارتی سرگرمیاں زوروشور سے جاری ہیں۔ این ایل سی نے تمام محکموں بشمول کسٹمز حکام، کلیئرنگ ایجنٹس اور تاجروں کے لیے ہیٹنگ سسٹم کی تنصیب اور دیگر سہولیات کا انتظام کررکھا ہے جو گاڑیوں اور کنٹینرز کی بروقت کلیئرنس میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ این ایل سی کی جانب سے اٹھائے گئے اقدام حکومتی پالیسی کا حصہ ہے تاکہ اس اہم گزرگاہ کے ذریعے سال بھر تجارت ممکن ہو سکے۔ سوست ڈرائی پورٹ کا بہترین انفراسٹرکچر دوطرفہ اور علاقائی تجارت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ تجارت کے لئے سازگار ماحول کو یقینی بنانے سے دوطرفہ تجارت کے حجم میں خاطر خواہ اضافہ واقع ہوا ہے۔ درہ خنجراب کے سال بھر کھلا رہنے سے خطے کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ محکمہ کسٹم کے اعداد وشمار کے مطابق محصولات کی مد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سردیوں میں خنجراب پاس بند ہونے سے پاک چین تجارت سے وابستہ افراد روزگار سے محروم ہوجاتے تھے۔ اس سال گلگت بلتستان میں بالعموم اور سوست میں بالخصوص تجارتی سرگرمیاں سردیوں میں بھی اپنے عروج پر ہیں جس سے تاجر برادری اور علاقے کے عوام بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 53

سندھ سید مراد علی شاہ نے دوسری سینئر مینجمنٹ کورس میں کامیاب ہونے والے افسران میں اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سول سروسز اکیڈمی کے قیام کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے تاکہ سرکاری افسران کو جدید مہارتوں سے آراستہ کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کی ترقی اور بدلتی سماجی توقعات کے ساتھ گورننس کے تقاضے بھی بڑھ رہے ہیں، جس کے لیے سرکاری ملازمین کو مسائل حل کرنے کی مہارتیں حاصل کرنی ہوں گی۔ مراد علی شاہ نے ٹریننگ مینجمنٹ اینڈ ریسرچ (ٹی ایم آر) ونگ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرکاری افسران کو جدید دور کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے تزویراتی سوچ اور اختراعی صلاحیتوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سول سرونٹس کو درپیش مسائل کا ذکر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ دیانت داری، جوابدہی اور عوامی خدمت ان کی بنیادی ذمہ داریاں ہیں۔ انہوں نے کہا سینئر مینجمنٹ کورس سرکاری افسران کی قائدانہ صلاحیتوں، مہارتوں اور علم میں اضافے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، اس قسم کے تربیتی پروگرام انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔

بقیہ نمبر 54

5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق راولپنڈی میں یونیورسٹی کے قریب ملزم سے 200 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں، کراچی میں کھارادر کے قریب موٹر سائیکل سوار کے قبضے سے 1.4 کلوگرام آئس برآمد ہوئی، گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دبئی جانیوالے مسافر کے انڈرگارمنٹس میں چھپائی گئی 179 گرام چرس برآمد کی گئی، پشاور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دوحا جانیوالے مسافر کے ٹرالی بیگ سے 980 گرام آئس برآمد ہوئی، لاہور میں کوریئر آفس کے ذریعے برطانیہ بھیجے جانیوالے پارسل سے لیڈیز پرس میں چھپائی گئی 226 گرام ہیروئن، بلوچستان میں حب کے علاقے وندر سے 24 کلو افیون اور 6 کلو ہیروئن، ایم ون موٹر وے اسلام آباد کے قریب ملزم کے قبضے سے 19.2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 55

بانی پورا ملک دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 15 سال ہوگئے کے فور منصوبہ بنا کر نہیں دیا جارہا، سرکولر ریلوے کا پراجیکٹ مکمل نہیں ہورہا، اس وقت شہر میں موٹرسائیکل سوار ڈمپروں اور ٹینکروں کا نشانہ بن رہے ہیں، کراچی کو 17 ہزار بسوں کی ضرورت ہے یہ صرف 300 بسیں لائے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ نہ ریڈلائن بن رہی ہے اور نہ اورنج لائن، یہ کرپٹ بھی ہیں اور نااہل بھی، کرپشن اور نااہلی کے امتزاج کا نام سندھ حکومت ہے، ہزاروں بچوں کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے، یہ تعلیمی نسل کشی کررہے ہیں، بدقسمتی سے شہر کے لوگوں کی کوئی ترجمانی کرنے والا نہیں، کراچی شہر کے لوگوں کی ترجمانی صرف جماعت اسلامی کررہی ہے، خیبرپختونخوا اس وقت دشمنوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ نورا کشتی اپنی جگہ ایم کیو ایم ہرحکومت میں شامل ہوتی ہے، اس نئی حکومت میں بھی پاکستان سٹیل مل نہیں چل رہی، پاکستان سٹیل مل سے 1370 ملازمین کو نکال دیا گیا ہے، پاکستان سٹیل مل تو منافع میں چلتی تھی، کوئی پوچھے پاکستان سٹیل نقصان میں کیسے آئی۔ حافظ نعیم الرحمان کا مزید کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے بعد جماعت اسلامی عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے بہت بڑا ملین مارچ کرے گی، ہم وہ سارے ایکشن لے رہے ہیں جس سے مسائل ٹھیک ہوسکیں، کراچی شہر کے ساتھ ظلم وزیادتی قابل قبول نہیں۔

بقیہ نمبر 56

اکوڑہ خٹک میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت جبکہ مولانا حامد الحق حقانی کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، حکومتی پالیسیوں نے امن وامان تباہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب مساجد اور مدارس بھی محفوظ نہیں رہے ہیں۔ انہوں نے جے یو آئی کارکنان اور رضا کاروں کو زخمیوں کیلئے زیادہ سے زیادہ خون کے عطیات دینے کی اپیل کی۔

بقیہ نمبر 57

کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار مولانا عزیز الحق نے کہا کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی قانونی حیثیت نہیں، الیکشن ایکٹ 2017 وزیراعظم لیاقت علی خان کی جانب سے پاس کی گئی قرارداد مقاصد کے خلاف ہے، 1952 کی میری پیدائش ہے اور تب سے پاکستان میں رہ رہا ہوں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے سوال کیا کہ آپ کا شناختی کارڈ ہے؟ مولانا عزیز الحق نے بتایا کہ 1978 میں شناختی کارڈ جاری ہوا اور 2004 میں بھی نادرا نے شناختی کارڈ جاری کیا جبکہ 2014 میں ووٹر لسٹ میں بھی نام جاری کیا گیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ آپ کی شکایت کیا ہے، کیا ووٹر لسٹ میں اب نام نہیں۔ مولانا عزیز الحق نے کہا کہ میں قانونی طور پر پاکستان کا شہری ہوں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے سوال کیا کہ آپ کیا چاہتے ہیں؟ مولانا عزیز الحق نے جواب دیا کہ مجھے غیر ملکی نہ کہا جائے، کبھی مجھے غیر ملکی کہا جاتا ہے اور کبھی ہوائی مخلوق کہا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 58

ہے۔ یاد رہے کہ گھریلو ملازمہ اقرا پر تشدد اور قتل کیس کے مرکزی ملزمان راشد شفیق اور اس کی بیوی ثنا جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں ہیں۔ گزشتہ ماہ راولپنڈی میں تھانہ بنی کے علاقے اصغر مال اسکیم کے ایک گھر میں مالکان نے 12 سالہ گھریلو ملازمہ اقرا کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا تھا۔ اقرا تشدد کی تاب نہ لاتے ہوئے اسپتال میں دم توڑ گئی تھی۔

بقیہ نمبر 59

جسٹس امین الدین خان نے استفسار کیا کہ آپ کی اس درخواست میں استدعا کیا ہے؟ جس پر وکیل حامد خان نے کہا کہ 9 مئی واقعے پر جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے، چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے دو سینئر ججز پر مشتمل جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کی بات کی ہے اور دوسری استدعا سویلین کا ملٹری ٹرائل نہ کیا جائے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیئے کہ سویلینز کے ملٹری ٹرائل سے متعلق استدعا تو آپ کی غیر مؤثر ہوچکی ہے، وہ تو الگ سے کیس چل رہا ہے، کیا 184 کی شق 3 میں ہم جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا معاملہ دیکھ سکتے ہیں۔ عمران خان کے وکیل حامد خان نے کہا کہ 9 مئی ایک قومی واقعہ ہے لیکن اس کی جوڈیشل انکوائری نہیں ہوئی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آپ نے ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس میں کہیں جوڈیشل کمیشن کی استدعا کی ہے؟ حامد خان نے جواب دیا کہ نہیں اس کیس میں ہم نے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل سے متعلق کوئی استدعا نہیں کی۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس میں کہا کہ آپ نے اپنی درخواست میں لکھا ہے کہ 9 مئی واقعے میں درجنوں شہری جاں بحق ہوئے، کیا آپ نے 9 مئی کو جاں بحق ہونے والے کسی شہری کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ لگایا ہے؟ کوئی ایک سرٹیفکیٹ تو ہمیں دکھا دیتے۔ جسٹس امین الدین خان نے سوال اٹھایا کہ شہری ہلاکتوں کی کہیں کوئی پرائیویٹ شکایت درج ہوئی؟ کوئی ایک آدھ ایف آئی آر کرائی ہو وہی دکھا دیں، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ 9 مئی واقعے میں ہلاک ہوئے والے شہریوں سے متعلق کوئی میڈیا رپورٹس ہی لگا دیتے۔ بعدازاں سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے تحریک انصاف کو مزید دستاویزات جمع کرانے کی مہلت دیتے ہوئے درخواست پر مزید سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 60

اداکارہ نے یہ انکشاف اپنے ایک حالیہ وی انٹرویو کے دوران کیا، جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی اور کیریئر کے بارے میں کھل کر بات کی۔ ریشم، جو اپنے فلاحی کاموں کی وجہ سے سوشل میڈیا پر خاصی مقبول ہیں، نے انٹرویو میں خلیل الرحمٰن قمر کے ساتھ اپنے ایک تلخ تجربے کو شیئر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح قمر نے ان کے ساتھ بدتمیزی کی اور انہیں نظرانداز کیا۔ انٹرویو کے دوران ریشم نے اپنی تعلیمی قابلیت پر بھی بات کی۔ انہوں نے کہا، میں میٹرک پاس ہوں، لیکن آج اگر میں کہوں کہ میں نے اردو میں گریجویشن کی ہے، تو لوگ یقین کرلیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے فلمی سیٹ پر اپنے بڑوں سے اردو کے الفاظ سیکھے ہیں، اور انہیں اس پر فخر ہے۔ ان کا کہنا تھا، میں ہمیشہ عاجزی کے ساتھ چلتی ہوں، کیونکہ اللہ کو عاجزی پسند ہے۔ جب میزبان نے ریشم سے پوچھا کہ اگر ان کی اور خلیل الرحمٰن قمر کی ملاقات ہوجائے تو وہ کیا کریں گی؟ تو ریشم نے ایک پرانی بات یاد کرتے ہوئے بتایا کہ کس طرح قمر نے ان کے ساتھ بدتمیزی کی۔ انہوں نے بتایا، جب خلیل الرحمٰن قمر کا ڈراما میرے پاس تم ہو آن ایئر ہوا، تو میں نے ہمایوں سعید کو اپنے گھر مدعو کیا۔ بعد میں، میں ہمایوں کے ساتھ ایک تقریب میں گئی، جہاں خلیل الرحمٰن قمر بھی موجود تھے۔ میں نے انہیں دیکھ کر سلام کیا، لیکن انہوں نے سلام کا جواب دینے کے بجائے مجھ سے بدتمیزی کرتے ہوئے کہا، دور ہوجا، میں تم سے بات بھی نہیں کرنا چاہتا۔ ریشم نے کہا کہ وہ قمر کو اس کا جواب دے سکتی تھیں، لیکن انہوں نے اپنی عزت کی خاطر خاموشی اختیار کی۔

بقیہ نمبر 61

نااہلی، ملی بھگت کا خمیازہ نہ جانے کب تک صوبہ بھگتے گا؟۔ جاری بیان میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خود کش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مولانا حامد الحق حقانی سمیت شہید افراد کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعاء کی۔ فیصل کریم کنڈی نے اعلی حکام سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ اکوڑہ خٹک دھماکہ اسلام و پاکستان دشمن قوتوں کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی نااہلی اور ملی بھگت کا خمیازہ نہ جانے کب تک صوبہ بھگتے گا؟، صوبہ میں دہشت گردوں کو بسانے والے حکمرانوں سے نجات انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 62

گے اور چھٹی دن 12 بجے ہوگی۔ ڈبل شفٹ اسکولز پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے 12 بجے تک کھلیں گے، پیر تا جمعرات ایوننگ شفٹ دوپہر ساڑھے 12 سے ساڑھے 4 تک ہوگی۔ بروز جمعہ کلاسز ڈیڑھ بجے سے ساڑھے 4 تک ہوں گی

بقیہ نمبر 63

چنیوٹ کے قریب سیلانوالی میں کارروائی کے دوران ریچھ بازیاب کروا لیا جسے عدالتی حکم پر وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ اسلام آباد کے حوالے کیا جائے گا۔ دوسری جانب سینئر وزیر حکومت پنجاب مریم اورنگزیب نے کامیاب آپریشن پر وائلڈ لائف سکواڈ کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی توازن کے تحفظ کیلئے جنگلی حیات کا تحفظ ناگزیر ہے، ریچھ کو محفوظ پناہ گاہ منتقل کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام جنگلی حیات کے تحفظ میں حکومت کا ساتھ دیں، کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع دی جائے

بقیہ نمبر 64

کاری کا رجحان تیزی سے بڑھا ہے، خاص طور پران منصوبوں میں جہاں کم ڈاؤن پیمنٹ اور آسان اقساط کی سہولت دی جا رہی ہے۔ ریئل اسٹیٹ ایجنٹس کے مطابق، خریدار زیادہ تر نئے پراپرٹی منصوبوں میں دلچسپی رکھتے ہیں، بشرطیکہ وہ گولڈن ویزا کے لیے مطلوبہ 2 ملین درہم کی حد کو پورا کریں۔ یہ رجحان 2024 میں اس وقت بڑھا جب حکومت نے ویزا پراسیسنگ کے لیے 50 فیصد ادائیگی کی شرط ختم کر دی۔ اگرچہ یو اے ای میں مختلف اقسام کے ویزا موجود ہیں، جیسے کہ مخصوص تنخواہ والے پیشہ ور افراد اور کاروباری سرمایہ کاروں کے لیے، مگر پراپرٹی میں سرمایہ کاری کے ذریعے گولڈن ویزا حاصل کرنا سب سے مقبول راستہ ہے۔ گزشتہ سال کے مقابلے میں اس سال گولڈن ویزا کے لیے درخواستوں میں اضافہ ہوا ہے۔ دبئی کے ساتھ ساتھ ابوظہبی میں بھی اس ویزا کے لیے دلچسپی بڑھ رہی ہے، اور وہاں کے حکام نے درخواست کے عمل کو مزید آسان بنا دیا ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ 2025 میں بھی گولڈن ویزا پروگرام پراپرٹی کی فروخت میں نمایاں کردار ادا کرتا رہے گا، کیونکہ یہ نہ صرف نوجوان افراد بلکہ طویل مدتی رہائشیوں کے لیے بھی پرکشش آپشن ہے۔ پراپرٹی سرمایہ کاروں کے علاوہ، ہنرمند پیشہ ور افراد، ریٹائرڈ افراد، اور اعلیٰ تعلیمی کارکردگی رکھنے والے گریجویٹس بھی اس ویزا کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

چنیوٹ، محکمہ وائلڈ لائف کی کارروائی، ریچھ بازیاب کروالیا

سرگودھا (انٹرنیوز) محکمہ وائلڈ لائف سکواڈ پنجاب نے چنیوٹ میں کارروائی کے دوران ریچھ بازیاب کروالیا۔ ذرائع کے مطابق وائلڈ لائف سکواڈ سرگودھا نے چنیوٹ کے قریب سیلانوالی میں کارروائی کے دوران ریچھ بازیاب کروالیا جسے عدالتی حکم پر وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ اسلام آباد کے حوالے کیا جائے گا۔

اداکارہ ریشم کا خلیل الرحمٰن قمر پر بدتمیزی کرنے کا الزام

لاہور (آئی آئی پی) پاکستانی فلم و ٹیلی ویژن انڈسٹری کی مشہور اداکارہ ریشم نے ڈرامہ نویس اور شاعر خلیل الرحمٰن قمر پر بدتمیزی کرنے کا سنگین الزام عائد کیا ہے۔ اداکارہ نے یہ انکشاف اپنے ایک حالیہ وی انٹرویو کے دوران کیا، جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی اور کیریئر کے بارے میں کھل کر بات کی۔ ریشم، جو اپنے فلاحی کاموں کی وجہ سے سوشل میڈیا پر خاصی مقبول ہیں۔

کشتی حادثہ 350 پاکستانیوں کی اموات، لیک آڈیو نے یونانی حکومت کا چہرہ بے نقاب

یہ حادثہ 14 جون 2023 کو پیش آیا، جس میں 350 پاکستانیوں سمیت 500 سے زائد تارکین وطن ہلاک ہوگئے

عثمان صدیق، جو گجرات پولیس میں تعینات تھے، نے کہا: ’ہم مدد کیلئے چیختے رہے، خاص طور پر خواتین اور بچے رو رہے تھے

ایتھنز (انٹرنیشنل ڈیسک) یونان کے قریب 2023 میں پیش آنیوالے المناک کشتی حادثے میں یونانی حکام کی لاپروائی کا بھانڈا پھوٹ گیا، جس میں 700 سے زائد تارکین وطن سوار تھے، جن میں اکثریت پاکستانیوں کی تھی۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نیوز کی رپورٹ کے مطابق، ایک لیک شدہ آڈیو ریکارڈنگ نے انکشاف کیا ہے کہ یونانی ریسکیو حکام نے کشتی کے کپتان کو ہدایت دی تھی کہ وہ آنے والے جہاز کو بتائیں کہ سوار افراد یونان نہیں بلکہ اٹلی جانا چاہتے ہیں۔ یہ حادثہ 14 جون 2023 کو پیش آیا، جس میں 350 پاکستانیوں سمیت 500 سے زائد تارکین وطن ہلاک ہوگئے، جبکہ صرف 82 لاشیں برآمد کی جا سکیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق، یہ حادثہ جدید تاریخ کے بدترین کشتی حادثات میں شمار ہوتا ہے۔

کراچی سے سوات جانیوالی بس کو موٹروے M-2 پر حادثہ، 8 مسافر جاں بحق

حادثے کے باعث مسافر بس میں پھنس گئے‘ حادثے میں ایک بچی، ایک خاتون اور تین مرد مسافروں سمیت پانچ مسافر موقع پر دم توڑ گئے

تین شدید زخمیوں سمیت 18 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کر کے قریبی اسپتالوں میں منتقل کیا جہاں تین مرد مسافر بھی دم توڑ گئے

راولپنڈی (این ای این) موٹروے ایم ٹو پر نیلہ دولہ کے قریب مسافر بس حادثے کا شکار ہوکر گہرائی میں الٹ گئی، جس کے نتیجے میں ایک بچی اور خاتون سمیت 8 افراد جاں بحق اور 15 زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق کراچی سے سوات جانیوالی مسافر بس میں 43 مسافر سوار تھے۔ مسافر بس موٹروے ایم ٹو پر نیلہ دولہ کے قریب پہنچی تو ڈرائیور سے بے قابو ہوکر سڑک کے کنارے کو عبور کرتی ہوئی گہرائی میں الٹ گئی جس کے باعث مسافر بس میں پھنس گئے۔ حادثے میں ایک بچی، ایک خاتون اور تین مرد مسافروں سمیت پانچ مسافر موقع پر دم توڑ گئے جبکہ تین شدید زخمیوں سمیت 18 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرکے قریبی اسپتالوں میں منتقل کیا جہاں شدید زخمی تین مرد مسافر بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم (بقیہ نمبر42)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر یونین کونسل سیکرٹریز میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کررہے ہیں

تین حقیقی بھائیوں کی اندھادھند فائرنگ سے 2 حقیقی بھائی جاں بحق

چیچہ وطنی (آئی آئی پی) گزرگاہ کے تنازعہ پر تین حقیقی بھائیوں کی اندھادھند فائرنگ سے 2 حقیقی بھائی جاں بحق اور 1 بھائی زخمی ہوگیا، پولیس کے مطابق واقعہ مضافاتی (بقیہ نمبر11)

پیپلز پارٹی کی وفاقی کابینہ میں توسیع پر شدید تنقید

کفایت شعاری صرف غریب ملازمین کیلئے ہے؟، شازیہ مری

اسلام آباد (انٹرنیوز) پیپلز پارٹی نے وفاقی کابینہ میں توسیع پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کابینہ میں وزراء کی فوج بھرتی کی جارہی جبکہ غریب ملازمین سے روزگار چھینا جارہا ہے، کفایت شعاری صرف غریب ملازمین کیلئے ہے؟، حکومت عوام دشمن فیصلوں پر (بقیہ نمبر10)

ٹرمپ کا چینی مصنوعات کی درآمدات کیخلاف بڑا اقدام

چینی برآمدات پر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ ٹیرف کی مخالفت کرتے ہیں

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چینی درآمدات پر 4 مارچ سے اضافی 10 فیصد ٹیرف لگانیکا اعلان کر دیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کینیڈا اور میکسیکو پر مجوزہ ٹیکس کا نفاذ بھی 4 مارچ سے کرنے کا اعلان کیا ہے جو اس سے قبل مؤخر کر دیا گیا تھا۔ (بقیہ نمبر14)

جماعت اسلامی کا رمضان المبارک کے بعد ملین مارچ کا اعلان

کراچی (انٹرنیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے رمضان المبارک کے بعد ملین مارچ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ کیا جعلی پارلیمنٹ پر (بقیہ نمبر15)

عالیہ و دیگر ضمانت منسوخی درخواست، پنجاب حکومت نے وقت مانگ لیا

سپریم کورٹ میں 9 اور 10 مئی کے پاکستان تحریک انصاف کے ملزمان کی ضمانت منسوخی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب عدالت میں پیش ہوئے، پنجاب حکومت نے رپورٹ جمع کرانے کیلئے عدالت سے وقت مانگ لیا

لاہور (این ای این) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ و دیگر کی ضمانت منسوخی سے متعلق درخواست پر پنجاب حکومت نے وقت مانگ لیا۔ سپریم کورٹ میں 9 اور 10 مئی کے ملزمان کی ضمانت منسوخی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بنچ نے پی ٹی آئی کے رہنماں عالیہ حمزہ، شہریار آفریدی اور دیگر کی ضمانت منسوخی کی درخواستوں (بقیہ نمبر12)

وزیر کھیل پنجاب فیصل ایوب سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور میں 5 خواتین سے زیادتی کے مختلف واقعات

لاہور (آئی آئی پی) شہر میں 5 خواتین سے زیادتی کے واقعات رونما ہوئے، مقدمات درج ہونے کے باوجود کسی بھی واقعے کا ملزم گرفتار نہیں کیا جاسکا۔ پولیس کے مطابق مانگا منڈی میں 4 دن قبل 5 ملزمان نے دوائی (بقیہ نمبر23)

نشے میں دھت ڈاکٹر کے ہاتھوں آپریشن کے بعد مریض کی موت

نئی دہلی (آئی آئی پی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع امیٹھی میں ایک مریض کے آپریشن کے دوران مبینہ طور پر نشے میں ہونے والے ڈاکٹر کے خلاف مقدمہ (بقیہ نمبر24)

حکمرانوں کے پاس ملک کی بھلائی کا کوئی منصوبہ نہیں

عوام دیکھ رہے ہیں ملک میں کیا سرکس جاری ہے؟ شبلی فراز کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے پاس ملک کی بھلائی کا کوئی منصوبہ نہیں ہے، ضمیر بیچنے والوں کو حکومت میں شامل کرلیا گیا، عوام دیکھ رہے ہیں ملک میں کیا سرکس جاری ہے؟۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں (بقیہ نمبر25)

کمشنر مریم ضلع جھنگ کے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں کارڈیک وایمرجنسی وارڈ کی توسیع کے بعد افتتاح کررہی ہیں' ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر ہمراہ ہیں

جدید دور میں بھی خواتین وراثتی حق سے محروم، جسٹس عائشہ

خواتین کو بااختیار بنانا آئینی حق ہے ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے بہت سے قوانین اور پالیسیاں ہیں' جسٹس عائشہ

سپریم کورٹ میں خواتین کی نمائندگی بہت کم ہے، پاکستان میں صرف 3 فیصد خواتین کے پاس اپنا گھر ہے' سپریم کورٹ

اسلام آباد (این ای این) سپریم کورٹ کی جسٹس عائشہ ملک نے ویمن لیڈر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا آئینی حق ہے ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے بہت سے قوانین اور پالیسیاں ہیں۔ ابھی بھی خواتین وراثت کے حق سے محروم ہیں، خواتین کے تمام اشوز پر بات کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے مزید کہا سپریم کورٹ میں خواتین کی نمائندگی بہت کم ہے، پاکستان میں صرف 3 فیصد خواتین کے پاس اپنا گھر ہے، خواتین برابری اور پارٹیسپیشن چاہتی ہیں، چائلڈ میرج جرم ہے لیکن ابھی بھی بچیوں کی کم عمری کی (بقیہ نمبر34)

ضلع کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی – داخلی وخارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ، جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال۔ ایس ایس پی SSP کشمور زبیر نظیر احمد شیخ کی ہدایات پر اے ایس پی ASP کشمور محمد عاشر کی سربراہی (بقیہ نمبر 35)

کرغزستان اور تاجکستان نے متنازعہ سرحدی علاقے کا تبادلہ کرکے دہائیوں پرانا تنازع ختم کرلیا

بشکیک (آئی آئی پی) کرغزستان نے اعلان کیا ہے کہ وہ تاجکستان کے ساتھ سوویت یونین کے خاتمے کے بعد سے جاری سرحدی تنازع کو حل کرنے کیلئے متنازعہ علاقے کا تبادلہ کرے گا۔ اس معاہدے کے تحت دونوں (بقیہ نمبر37)

ضلع کشمور پولیس کا جوئے کے اڈے پر چھاپہ، پانچ ملزمان گرفتار

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ایس ایس پی SSP کشمور زبیر نظیر احمد شیخ کی ہدایات پر ASP اے ایس پی کشمور محمد عاشر کی سربراہی میں ایس ایچ او کشمور (بقیہ نمبر 28)

سیکرٹری پنجاب محکمہ ایمرجنسی سروس ڈاکٹر رضوان ودیگر کا ریسکیو سپورٹس گالا کے اختتام پر فوٹو

محمد اشفاق کی زیر سرپرستی سالانہ ریسکیو سپورٹس گالا کا انعقاد

کھیل فزیکل فٹنس کو برقرار رکھنے کیلئے بہت ضروری ہیں' سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس

جھنگ (ریسکیو ذرائع) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر ڈویژنل ایمرجنسی آفیسر فیصل آباد ڈاکٹر میاں محمد اشفاق کی زیر سرپرستی سالانہ ریسکیو سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا جس میں چاروں اضلاع کے ریسکیو آفیسرز جن میں میڈم طاہرہ (چنیوٹ) ظفر اقبال (فیصل آباد) فراز منیر (ٹوبہ ٹیک سنگھ) اور طاہر (بقیہ نمبر 36)

گورنر پنجاب سیکرٹریٹ میں ایم ایم علی کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا

سیکشن آفیسر جمشید خان نے ایم ایم علی کی دفتری و ادبی خدمات کو سراہا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گورنر پنجاب سیکرٹریٹ گورنر ہاوس میں کالم نگار وشاعر بانی اپووا ایم ایم علی کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر سیکشن آفیسر جمشید خان نے ایم ایم علی کی دفتری و ادبی خدمات کو سراہا اور ان کو درازی عمر کی دعا دی۔ اس موقع پر گورنر پنجاب (بقیہ نمبر41)

نئے وزراء، وزرائے مملکت، مشیروں کیلئے ناشتے کا اہتمام

آئندہ سالوں میں مزید کامیابیوں کیلئے محنت جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایک سال میں حکومت نے بڑی کامیابیاں حاصل کیں، آئندہ سالوں میں مزید کامیابیوں کیلئے انتھک محنت جاری رکھیں گے، نئے وزراء کا انتخاب قابلیت، صلاحیتوں کی بنیاد پر کیا گیا، ہم سب اللہ اور عوام کو جوابدہ ہیں، وزراء کی متواتر کارکردگی کا جائزہ خود لوں گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم (بقیہ نمبر 20)

بنگلہ دیش' انقلابی طلبہ کا نئی سیاسی جماعت کا اعلان

دیگر طلبہ گروپس نے ایس اے ڈی رہنماں پر انقلاب کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کیا تھا

ڈھاکہ (آئی آئی پی) بنگلہ دیش میں گزشتہ سال حکومت کے خاتمے میں مرکزی کردار ادا کرنیوالے طلبہ نے ایک نئی سیاسی جماعت کا اعلان کیا ہے، جو آئندہ متوقع انتخابات سے قبل ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال میں ایک اہم پیش رفت سمجھی جارہی ہے۔ نئی جماعت گناتنترک چھاترا سنگساد (جمہوری طلبہ کونسل) ان طلبہ رہنماؤں پر مشتمل ہے (بقیہ نمبر21)

اسلام آباد ہائیکورٹ' ماتحت عدالتوں کے اوقات کار جاری

رمضان المبارک میں ساڑھے 9 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک کیسز سماعت ہوگی

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے رمضان المبارک کیلئے نئے عدالتی اوقات کار جاری کردیے۔ قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق رمضان المبارک میں اسلام آباد ہائی کورٹ میں ساڑھے 9 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک کیسز کی سماعت ہوگی، (بقیہ نمبر22)

مزید 2 بچے پولیو کا شکار' مجموعی کیسز کی تعداد 5 ہوگئی

ڈی آئی خان، تین کیس سندھ کے علاقوں، بدین، لاڑکانہ اور قمبر سے رپورٹ

اسلام آباد (انٹرنیوز) پاکستان میں مزید 2 بچے پولیو وائرس کا شکار ہوگئے۔ نیشنل پولیو لیبارٹری نے سندھ کے علاقے قمبر اور پنجاب کے علاقے منڈی بہاؤ الدین میں کیسز کی تصدیق کی ہے جس کے بعد رواں سال 2025ء میں اب تک مجموعی طور پر پولیو کیسز کی تعداد 5 ہوگئی ہے۔ حکام کے مطابق رواں سال ایک کیس خیبر پختونخوا کے ضلع (بقیہ نمبر 30)

فیک نیوز خاتمے میں میڈیا کو کردار ادا کرنا ہوگا' میمن

پیکا کی سپورٹ نہیں کرتا مگر جھوٹ پھیلانے کی سزا ہونی چاہیے، شرجیل

کراچی (انٹرنیوز) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی بہتری پر توجہ دینا ہوگی، مل کر کوشش کریں تو سیاسی استحکام لا سکتے ہیں، پیکا کی سپورٹ نہیں کرتا مگر جھوٹ پھیلانے کی سزا ہونی چاہیے، فیک نیوز کے خاتمے میں میڈیا کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ دنیا میں حکومت اور کاروباری (بقیہ نمبر31)

موجودہ پی ٹی آئی عہدیداروں کا سیاسی بیک گراؤنڈ نہیں

موجودہ عہدیداران اب تک گرینڈ الائنس نہیں بنا سکے، فواد چودھری

لاہور (انٹرنیوز) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ پی ٹی آئی عہدیداران کا کوئی سیاسی بیک گراؤنڈ نہیں، اب تک گرینڈ الائنس نہیں بنا سکے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی تحریک کے ذریعے ہی ممکن ہے، مسلم لیگ، پیپلز پارٹی انتقامی کلچر کا خاتمہ کریں، اسی سے سیاسی درجہ حرارت نیچے آسکتا ہے۔ اے ٹی سی لاہور کے باہر میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر33)

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر چناب کالج شورکوٹ میں تقسیم انعامات تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہیں

تحصیل بھر میں نجی ہسپتال PHC کے بنائے گئے قوانین کو روندنے لگے

میڈیکل سٹورز میں فارماسسٹ اور لیبز میں پیتھالوجسٹ موجود نہیں

ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ایلو پیتھک پریکٹس میں مصروف، علاقہ میں عطائیت گھر کر گئی

تحصیل بھر میں سینکڑوں میڈیکل سٹورز میں سے اکثریتی قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب عوامی حلقے

گوجرخان (قمر شہزاد) پی ایچ سی اور ڈی ڈی ایچ او کی ناقص کارکردگی گوجرخان میڈیکل فیلڈ لاوارث بن گئی، چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے سبب علاقہ میں عطائیت کا بول بالا، متعدد میڈیکل سٹورز میں فارماسسٹ اور لیبز میں پیتھالوجسٹ موجود نہیں، ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ایلو پیتھک پریکٹس میں مصروف، ڈی ڈی ایچ او گوجرخان کی عرصہ دراز سے کو (بقیہ نمبر38)

نجی ہسپتال بیماریاں بانٹنے لگے DDHO کی کارکردگی سوالیہ نشان بن گئی

نجی ہسپتال انفیکشیڈ فضلہ سرنجیں خون آلود کپڑے کاٹن کھلے عام ڈمپ

محکمہ ہیلتھ کے ایس او پیز کی دھجیاں اڑانے لگے

سی ای او ہیلتھ کے نوٹس میں ہونے کے باوجود خلاف ورزی عروج پر

گوجرخان (قمر شہزاد) نجی ہسپتال محکمہ صحت کے ایس او پیز کی دھجیاں اڑانے کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن صاف ستھرا پنجاب پروگرام کو سبوتاژ کرنے لگے گوجرخان میں ڈی ڈی ایچ او گوجرخان کی کارکردگی سوالیہ نشان بن کر رہ گئی سوشل میڈیا پر آئے روز نشاندہی ہونے اور سی ای او ہیلتھ راولپنڈی کے نوٹس میں ہونے کے باوجود نجی ہسپتال دھڑلے سے انفیکشیڈ فضلہ خون آلود، کپڑے، سویز، گلوز، کانچ کے انجیکشنز کی ٹوٹی وائلز، سرنجیں، کانچ کی ڈرپس کو لب سڑک، اور ہسپتالوں کے گردونواح میں پھینک کر کوڑا چننے والے بچوں بڑوں میں مہلک بیماریاں پھیلانے کا موجب بننے لگے جبکہ صاف ستھرا پنجاب کے کوڑادان پاس پڑے ہونے کے باوجود ان میں نہ ڈال کر سی ایم کے ویژن کو بھی فلاپ کرنے میں مگن ہیں عوامی سماجی حلقوں نے اس تمام تر صورتحال پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح نجی ہسپتال کھلے عام کچرا باہر ڈمپ کررہے ہیں اس سے اردگرد کے ماحول پر بھی برا اثر پڑتا ہے ہیپاٹائٹس سمیت مہلک بیماریوں پھیلتی ہیں جبکہ اس فضلے کو تلف کرنے کے لیے باقاعدہ ایک گاڑی آتی ہے جسکو یہ ویسٹ سونپا جاتا ہے جبکہ کانچ کی وائلز کو باقاعدہ ایک سسٹم کے تحت گڑھے میں کوٹ کر پوڈر بنایا جاتا ہے شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ ایسے سردست اس فضلے کو پھینکنے کی ہرگز اجازت نہیں اس طرح کرکے محکمہ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی کی جارہی ہے اس پر سختی سے نوٹس لیا جانا چاہیے ایسے ہسپتالوں کو بھاری جرمانوں کیساتھ ساتھ سیل کر (بقیہ نمبر 27)

امریکا کا افغانستان میں چھوڑا گیا اسلحہ واپس لینے کا اعلان

امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ افغان طالبان اربوں ڈالر کے امریکی اسلحے کی نمائش کررہے ہیں

ہم نے افغانستان میں جدید ہتھیار اور اعلیٰ معیار کا فوجی ساز وسامان چھوڑا، جو اب طالبان کے کام آرہا ہے، ہمیں اسے واپس لینا ہوگا

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے افغانستان میں چھوڑے گئے اربوں ڈالر کے امریکی اسلحے کو واپس لینے کا اعلان کردیا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ افغان طالبان اربوں ڈالر کے امریکی اسلحے کی نمائش کر رہے ہیں، جن میں 777,000 رائفلیں اور 70,000 بکتر بند گاڑیاں شامل ہیں، ہم نے افغانستان میں جدید ہتھیار اور اعلیٰ معیار کا فوجی (بقیہ نمبر16)

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ دفاتر میں نظم وضبط کا معائنہ کررہے ہیں

تھیٹر میں فحاشی' ذومعنی فقرے کسنے والے آرٹسٹوں کے گرد تنگ

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب بھر کے فحاشی وعریانی اور ذومعنی فقرے بولنے والے فنکاروں کیخلاف شکنجہ کستے ہوئے تھیٹرز میں کی ای نگرانی شروع کردی گئی ہے۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار لاہور کے 9 تھیٹرز (بقیہ نمبر 17)

مقدمہ درج ہونیکے بعد سردار اختر مینگل گرفتاری دینے تھانے پہنچ گئے

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ مقدمہ اندراج کے بعد گرفتاری دینے وڈھ تھانے پہنچے تاہم پولیس نے حراست میں لینے سے انکار کردیا۔ خضدار وڈھ (بقیہ نمبر19)

اپوزیشن الائنس' حکمران مان لیں وہ ہار گئے ہیں، عالیہ

عوام کے ٹیکس کا پیسہ عوام کو دبانے کیلئے ہی استعمال کیا جارہا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن الائنس سے گھبرائے حکمران مان لیں وہ ہار گئے ہیں۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ عوام کے ٹیکس کا پیسہ عوام کو دبانے کیلئے ہی استعمال کیا جارہا ہے۔ (بقیہ نمبر18)

فیصل آباد۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ریحان بشیر اور سینئر سول جج کریمنل محمد جمیل سنٹرل جیل کا دورہ کررہے ہیں

ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت، بلاول بہترین انتخاب' گورنر

بلاول بھٹو کو ملک کا آئندہ وزیراعظم بنانا ہے جس کیلئے سخت محنت، جوش اور ولولے کی ضرورت ہے' گورنر پنجاب

پیپلز پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے، اس پارٹی نے ملک کیلئے بہت قربانیاں دی ہیں' سردار سلیم کا جھنگ جلسے میں خطاب

لاہور (این ای این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت ہے جس کیلئے بلاول بھٹو زرداری بہترین انتخاب ہیں۔ انہوں نے جھنگ میں پیپلز پارٹی کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاول بھٹو کو ملک کا آئندہ وزیراعظم بنانا ہے جس کیلئے سخت محنت، جوش اور ولولے کی ضرورت ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب سمیت پورے ملک میں تیزی سے مقبول ہورہی ہے۔ پیپلز پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے، اس پارٹی نے ملک کیلئے بہت قربانیاں دی ہیں۔ گورنر نے جلسے میں بلاول (بقیہ نمبر 32)

نئی دہلی، بہن کی رخصتی کے وقت بھائی کی موت ہوگئی

نئی دہلی (آئی آئی پی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے علاقے بندیل کھنڈ میں ایک افسوسناک حادثے نے خوشیوں بھرے شادی کے موقع کو غم میں بدل دیا۔ دلہن کے 25 سالہ بھائی کی شادی کے دوران اس وقت موت واقع ہوگئی جب وہ خیمہ اکھاڑتے ہوئے ایک ہائی ٹینشن بجلی کی تار کے رابطے میں آ گیا۔ اس حادثے نے پورے خاندان کو (بقیہ نمبر39)

کمشنر مریم خان رمضان سہولت بازار جھنگ کا معائنہ کررہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر ہمراہ ہیں

ضرورت نمائندگان
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار
LALKAAR
دُنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top
مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035